باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
www.dailymumtaz.com mumtazisb9@gmail.com
dailymumtazofficial @Dailymumtaz1

THE DAILY MUMTAZ ISLAMABAD
روزنامہ ممتاز اسلام آباد
رجسٹرڈ نمبر NRP-002
فون نمبر: 051-8437994-3 فیکس نمبر: 051-8357772
صفحات 6 قیمت 15 روپے
بانی: عبداللہ بٹ
جلد 04 | اتوار، 3 اگست 2025، 8 صفر المظفر 1447ھ، 20 ساون 2082ب | نمبر 31

5 WEST
BRILLIANCE, LUXURY, GRANDEUR
MUMTAZ CITY

رحمت

ہدایت ہے اور یقین کرنے والوں کیلئے رحمت ہے۔ کیا گناہ کرنے والوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم ان کو ایمانداروں اور نیک کام کرنے والوں کے برابر کر دیں گے، ان کا جینا اور مرنا برابر ہے، وہ بہت ہی برا فیصلہ کرتے ہیں۔ یہ قرآن لوگوں کیلئے بصیرت اور اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو جیسے چاہیے بنایا ہے اور تا کہ ہر نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمایا ہے اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔ بھلا آپ نے اس کو بھی دیکھا جو اپنی خواہش کا بندہ بن گیا اور اللہ نے باوجود سمجھ کے اسے گمراہ کر دیا اور اس کے کان اور دل پر مہر کر دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا، پھر اللہ کے بعد اسے کون ہدایت کر سکتا ہے پھر تم کیوں نہیں سمجھتے۔ (سورۃ الجاثیہ، آیت نمبر 20 تا 23)

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

گنڈاپور اگر KP میں امن قائم نہیں کر سکتے تو استعفیٰ دیدیں، عمران خان

ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان

بانی پی ٹی آئی کی جیل سہولیات بحال، کتابیں اور اخبار دیئے گئے، بچوں سے ایک گھنٹہ فون پر بات بھی کرائی گئی، مشال کے سینیٹر بننے پر علیمہ کا بیان غیر ضروری قرار دیدیا

عدلیہ حکومت کے تابع ہے، الیکشن میں عوام کا مینڈیٹ چوری کیا گیا، میڈیا کا گلا گھونٹ دیا گیا، عمران خان کا 4 1 اگست کو نئی تحریک کا اعلان، علیمہ خان کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی جیل سہولیات بحال کر دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی کتابیں اور اخبار بھی بحال کر دیے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی گزشتہ روز بچوں سے ایک گھنٹہ فون پر بات بھی کرائی گئی، بانی پی ٹی آئی نے کہا ان کے بچے اگر ملاقات کیلئے آنا چاہتے ہیں تو ضرور آئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا گزشتہ روز فون پر بات کر کے معلوم ہوا بچوں کا ٹائیکوپ ایکسپائر ہوا ہے، میں نے کبھی نہیں کہا میرے بچے احتجاجی تحریک کیلئے پاکستان آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم شہباز شریف ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا ریڈ کارپٹ استقبال کر رہے ہیں

سربراہ پاک فضائیہ نے 7 مئی کی رات PAF ریڈار پر بھارتی طیارے نمودار ہوتے ہی رافیل کو خصوصی طور پر نشانہ بنانے کا حکم دیا

رافیل تباہی کی وجہ ایلی انٹیلی جنس

برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ میں نئے انکشافات سامنے آ گئے

پاک بھارت جنگ میں 110 طیاروں نے حصہ لیا، پاکستان نے رافیل طیارے PL15 میزائلوں سے 200 کلومیٹر دور سے گرائے، انڈین پائلٹ سمجھ رہے تھے کہ وہ رینج سے دور ہیں، ایئر ٹز

بھارت نے پاکستان پر حملے کیلئے 70 طیارے روانہ کیے، پاکستان نے بھارتی ریڈار جام کیے جس سے رافیل کے پائلٹ صورتحال سے لاعلم رہے، انڈیا پاکستان جیسے فضائی سسٹم کیلئے کوشاں ہے، رپورٹ

اسلام آباد (ممتاز نیوز) پاکستان نے بھارتی رافیل طیارے کیسے گرائے، برطانوی خبر رساں ادارے نے نئی رپورٹ میں حیرت انگیز انکشافات کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے پی ایل 15 میزائلوں نے بھارتی رافیل طیاروں کو نشانہ بنایا، بھارتی پائلٹ سمجھ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

گنڈاپور سے عمران ناراض، عہدے سے ہٹا پائیں گے؟

استعفیٰ دینے کا پیغام بھیجا، مشال سے متعلق بیان پر علیمہ پر بھی ناراض

مولانا اور دیگر گنڈاپور کو طاقتور حلقوں کی حمایت کا دعویٰ کرتے ہیں

معاون وزیراعظم کا عمران رہائی کیلئے برطانوی کوششوں کا پہلی بار اعتراف

اسلام آباد (طارق محمود سمیر) بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

ایرانی صدر مسعود پزشکیان پاکستان پہنچ گئے، تجارتی تعلقات بڑھانے کا عزم

معزز مہمان کا اسلام آباد آمد پر وزیراعظم، لاہور پہنچنے پر نواز شریف، مریم نواز نے استقبال کیا، 21 توپوں کی سلامی دی گئی

ایرانی وزیر خارجہ کی اسحاق ڈار سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات، علاقائی سلامتی اور اقتصادی تعاون تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (ممتاز نیوز) ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان 2 روزہ سرکاری دورے پر پاکستان پہنچ گئے۔ ان کے ہمراہ وزیر خارجہ عباس عراقچی سمیت اعلیٰ سطح کا وفد بھی موجود ہے۔ اس دورے کا مقصد پاکستان کے ساتھ تجارتی و سفارتی تعاون کو وسعت دینا اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان صدر مسلم لیگ ن میاں نواز شریف سے ملاقات جبکہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے ہمراہ مزار اقبال پر پھول رکھ رہے ہیں

اڈیالہ میں کوئی قیدی ہیپاٹائٹس سے متاثر نہیں، سپرنٹنڈنٹ

کوئی قیدی وائرل بیماری میں مبتلا ہو تو اسے دیگر سے الگ کر دیا جاتا ہے

عمران کے بیٹے قاسم کے قیدیوں کی موت کے دعویٰ پر جیل سپرنٹنڈنٹ کا ردعمل

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل عبدالغفور انجم نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل میں کوئی قیدی ہیپاٹائٹس سے متاثر نہیں، تمام قیدیوں کا ہیپاٹائٹس بی، سی اور ایچ آئی وی ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کے بیٹے قاسم خان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے عبدالغفور انجم نے کہا کہ جیل میں معمول کے مطابق قیدیوں کا طبی معائنہ کیا جاتا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

عمران نے ڈیل کی آفر کرنے پر علی امین پر جوتی اٹھائی تھی، سہیل وڑائچ کا انکشاف

زرداری کو ہٹا کر فیلڈ مارشل کو صدر بنانے کی تجویز، ملک ریاض کے ساتھ معاملات طے پا گئے

مریم نواز کا گراس روٹ لیول پر اثر نظر نہیں آیا، موجودہ نظام آئیڈیل نہیں، منصور علی خان کو انٹرویو

اسلام آباد (ممتاز رپورٹ) سینئر صحافی اور تجزیہ کار سہیل وڑائچ نے ملکی سیاست اور طاقت کے کھیل پر اہم انکشافات کیے ہیں، اینکر پرسن منصور علی خان کو خصوصی انٹرویو میں سہیل وڑائچ نے کہا کہ عمران خان کو 100 فیصد آفر دی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

حکومت اور اسٹیبلشمنٹ نے عمران کی برطانیہ جلاوطنی کی درخواست مسترد کر دی

وزیر مملکت حذیفہ رحمان کا دعویٰ

عمران خان نے برطانیہ یا یورپی ملک بھیجنے کی درخواست کی، حکومت صرف خلیجی ممالک بھیجنے پر آمادہ ہے

پوری گفتگو کے ثبوت اور ریکارڈنگ موجود، ضرورت پڑی تو منظر عام پر لائیں گے، نجی ٹی وی چینل میں گفتگو

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وزیر مملکت برائے قومی ثقافت و ورثہ حذیفہ رحمان نے سابق وزیراعظم اور بانی پاکستان تحریک انصاف کے حوالے سے بڑا دعویٰ کر دیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا ہے کہ عمران خان نے خود حکومت اور اسٹیبلشمنٹ سے درخواست کی تھی کہ اگر کوئی ڈیل ہوتی ہے تو انہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

ایرانی صدر کی مزار اقبال پر حاضری، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، رینجر کی سلامی

لاہور (صباح نیوز) اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے ہفتہ کو مفکر پاکستان، شاعر مشرق حضرت علامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ مزار (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

یوم آزادی، آئی ایس پی آر نے نیا ملی نغمہ جاری کر دیا

گلوکار واجد سعید کا نغمہ 'دل سے پاکستان' ریلیز ہوتے ہی مقبول

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یوم آزادی کے موقع پر حب الوطنی کے جذبات سر بھر پور نیا ملی نغمہ جاری کر دیا۔ گلوکار (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

کرپٹو اور بلاک چین میں تعاون بڑھانے پر پاک کرغز اتفاق

بلال بن ثاقب اور ڈائریکٹر نیشنل انویسٹمنٹ ایجنسی میں ویڈیو کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کرغزستان نے کرپٹو اور بلاک چین میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیر مملکت برائے کرپٹو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

پاک فوج میں جدید ہیلی کاپٹر شامل، فیصلہ کن برتری برقرار رکھیں گے، فیلڈ مارشل

جنرل عاصم منیر کا قومی خودمختاری، علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

فیلڈ مارشل کا ملتان گیریژن کا دورہ، فارمیشن کی آپریشنل تیاریوں اور تربیتی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی، ISPR

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج بدلتے ہوئے جنگی ماحول میں فیصلہ کن برتری برقرار رکھے گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سپہ سالار نے ملتان گیریژن کا دورہ کیا اور جدید (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

فیلڈ مارشل ملتان گریژن دورہ کے موقع پر چینی حکام سے ملاقات کرتے ہوئے دوسری طرف سید عاصم منیر کو جدید ہیلی کاپٹر پر بریفنگ دی جا رہی ہے

چینی J-20 سوشیا عبور کر گیا، جدید ریڈار بھی ناکام

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی J-20 کی آبنائے سوشیما پر پرواز، امریکا، جاپان اور جنوبی کوریا کا جدید ریڈار سسٹم بھی نہ پکڑ سکا، چین کا کہنا ہے کہ اُس کا J-20 مائٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

پاکستان پر نئی سفری پابندیوں کی افواہیں بے بنیاد قرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر نے پاکستان پر سفری پابندیوں سے متعلق افواہوں کی سختی سے تردید کی ہے۔ ترجمان این ای او سی کے مطابق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

مالی کے سابق وزیراعظم پر سوشل میڈیا پوسٹ پر فرد جرم عائد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی میں فوجی حکومت نے سابق وزیراعظم موسیٰ مارا پر ریاست کی ساکھ کو نقصان پہنچانے، جائز اتھارٹی کی مخالفت کرنے اور عوامی نظم کو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

وزیر اطلاعات میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک ریاض فیملی پر 22 ارب روپے منی لانڈرنگ کا الزام، نیب کی شکایت درج

نیب نے احتساب عدالت راولپنڈی میں درج کرائی گئی شکایت میں کئی شخصیات اور اداروں کو نامزد کیا ہے

رقم منی لانڈرنگ کے ذریعے بیرون ملک منتقل کی گئی، پھر واپس لا کر کراچی میں بحریہ آئیکون ٹاور تعمیر کیا گیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) نیب نے احتساب عدالت راولپنڈی میں ملک ریاض اور ان کے اہل خانہ پر 22 ارب روپے سے زائد کی مبینہ منی لانڈرنگ پر باضابطہ شکایت درج کروا دی، جس میں کئی شخصیات اور اداروں کو نامزد کیا گیا ہے۔ شکایت احتساب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

ایئرپورٹ پر نئے امیگریشن کاؤنٹرز کے قیام کا فیصلہ

فیصلہ غیر ملکی مسافروں کی سہولت، سیاحت کے فروغ کیلئے کیا گیا

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر ملک کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر غیر ملکی مسافروں کی سہولت کیلئے علیحدہ امیگریشن کاؤنٹرز قائم کرنے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

ایرانی صدر کے دورہ سے تعلقات مضبوط ہونگے، عطا تارڑ

دورے سے تجارت، سرمایہ کاری اور سرحدی تعاون کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے دورہ پاکستان کو پاک ایران تعلقات، تجارت، سرمایہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

نواز شریف اور شہباز شریف کے کزن شاہد شفیع انتقال کر گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ ن کے صدر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

سابق بھارتی وزیراعظم کے پوتے کو زیادتی کیس میں عمر قید کی سزا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے سابق وزیراعظم ایچ ڈی دیوے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

امید ہے بھارت روس سے تیل کی خریداری روک دے گا، ٹرمپ نئی دہلی کا انکار

مصدقہ اطلاعات تو نہیں، سنا ہے اور مجھے اندازہ ہے کہ بھارت روس سے تیل کی خریداری بند کرے گا، امریکی صدر

ٹرمپ کے جرمانہ عائد کرنے کے بیان سے آگاہ، فوری طور پر روس سے تیل کی خریداری نہیں روک سکتے، بھارتی حکام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بقول انھوں نے سنا ہے کہ جرمانہ عائد کرنے کے اعلان کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

بیجنگ، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال چینی نائب وزیر خارجہ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاک چین دوستی ہر دور میں مضبوط تر ہوئی، احسن اقبال

وزیر منصوبہ بندی کی چینی نائب وزیر خارجہ سے ملاقات، سی پیک زیر غور

احسن اقبال نے چینی قیادت تک وزیراعظم کی نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حالیہ علاقائی کشیدگی میں چین نے پاکستان کی غیر مشروط (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد، ایس پی خالد محمود اعوان ڈیوٹی پوائنٹ کے دورہ کے دوران اہلکاروں کو ہدایات دے رہے ہیں

راولپنڈی شہریوں کے گردے زبردستی نکال کر بیچنے والا گروہ گرفتار، سہولت کاروں کی تلاش

گھر سے چیخنے چلانے کی آوازیں آنے پر ون فائیو پر کال کی گئی، پولیس پہنچی تو ایک نیم بے ہوش شخص کو سٹریچر پر باندھا گیا تھا

متاثرہ شخص کو نوکری کا جھانسہ دیکر بلایا گیا، ملزمان پاکستانی اور غیر ملکی شہریوں کو گردے فروخت کرتے ہیں، ابتدائی تفتیش

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے انسانی اعضا کی غیر قانونی پیوند کاری میں ملوث گینگ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کو 15 پر کال موصول ہوئی تھی کہ ایک گھر سے چیخنے چلانے کی آوازیں آرہی ہیں جس پر فوری رسپانس دیتے ہوئے اہلکار موقع پر پہنچے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے انسانی اعضا کی غیر قانونی پیوند کاری میں ملوث گینگ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کو 15 پر کال موصول ہوئی تھی کہ ایک گھر سے چیخنے چلانے کی آوازیں آرہی ہیں جس پر فوری رسپانس دیتے ہوئے اہلکار موقع پر پہنچے پولیس کے مطابق گھر کے اندر ایک شخص کو اسٹریچر پر بندھا گیا تھا جسے فوری طور پر آزاد کرایا گیا۔ متاثرہ شخص نے بتایا کہ اسے نوکری کی پیشکش کر کے بلایا گیا اور نشہ آور شے پلا کر نیم بیہوشی کی حالت میں مختلف میڈیکل ٹیسٹ کیے گئے، جن کا مقصد گردہ نکال کر فروخت کرنا تھا۔ پولیس نے موقع سے پیوند کاری میں استعمال ہونے والے آلات برآمد کر لیے ہیں، جبکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث 4 افراد کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ یہ گروہ پاکستانی اور غیر ملکی شہریوں کے گردے فروخت کرنے میں ملوث رہا ہے۔ راولپنڈی پولیس کے ترجمان کے مطابق ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کی تلاش جاری ہے اور انہیں بھی جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد کی ترقی شہریوں کی ہاؤسنگ ضروریات پوری کرنا ترجیح ہے، چیئرمین CDA

بلیو ایریا میں فوڈ سٹریٹ قائم، 25 کرکٹ گراؤنڈز اور 25 فٹ بال گراؤنڈز کی بحالی کیلئے کام کیا جائے

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، محمد علی رندھاوا کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے کی مجموعی کارکردگی خصوصاً سیکٹر ڈویلپمنٹ، اسلام آباد میں پانی کی فراہمی، بیٹیفکیشن، غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کیخلاف سی ڈی اے کی قانون کے مطابق کارروائیاں، تجاوزات خاتمے، اسلام آباد میں سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر، گندھارا سٹیزن آرٹ سینٹر کو جلد از جلد فعال بنانے، سی ڈی اے ہاسپٹل کی اپ لفٹنگ، سی ڈی اے نرسری کو گارڈینا حب میں تبدیل کرنے، بلیو ایریا میں فوڈ سٹریٹ کا قیام، سی ڈی اے ماڈل سکول کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، 25 کرکٹ اور 25 فٹ بال کے گراؤنڈز کی اپ لفٹنگ کے علاوہ دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ اسلام آباد کے شہریوں کو ہاؤسنگ ضروریات کو پورا کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، سپورٹس سہولیات کی فراہمی کے لئے جہاں سپورٹس کمپلیکسز تعمیر کئے جا رہے ہیں وہاں 25 کرکٹ گراؤنڈز اور 25 فٹ بال گراؤنڈز کی بحالی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی تعمیر و ترقی خوبصورتی اور اپ لفٹنگ کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کے علاوہ سی ڈی اے سروے بھی کر رہا ہے تاکہ اس بات کا بھی جائزہ لیا جائے کی ہاؤسنگ سوسائٹی کے پاس زمین کتنی تھی اور اس سوسائٹی نے موجود زمین سے زائد کتنی فائلیں فروخت کی ہیں تاکہ سی ڈی اے لے آؤٹ پلان سے زائد فائلز فروخت کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے لے آؤٹ پلانز قانون کے مطابق منسوخ کر سکے انہوں نے کہا کہ تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کے علاوہ قانون کے مطابق لے آؤٹ پلان اور این او سی کے مطابق شہریوں کو پلاٹس کی الاٹمنٹس کو یقینی بنائیں۔

پنجاب یونیورسٹی کی دوبارہ ڈیزائن کی گئی ویب سائٹ کا افتتاح

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے پنجاب یونیورسٹی کی دوبارہ ڈیزائن کی گئی ویب سائٹ کا افتتاح کر دیا۔ اس سلسلے میں وائس چانسلر آفس میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، رجسٹرار ڈاکٹر احمد اسلام، ڈی جی آئی ٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد مرتضیٰ یوسف، ڈی جی ایس ای ایس ڈاکٹر ریحان صادق شیخ، ڈائریکٹر آئی ٹی عمران قریشی، ڈپٹی ڈائریکٹر مجتبیٰ علی اور ویب سیکشن کی ٹیم نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی اعلیٰ تعلیم میں لیڈر کا کردار ادا کرتے ہوئے جدت کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزائن کی گئی ویب سائٹ کا مقصد طلبا 6 طالبات، فیکلٹی ممبران، ملازمین، ایلومنائی سمیت زیادہ سے زیادہ صارفین کے لئے قابل رسائی آن لائن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے آئی ٹی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں

نو افراد کو گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جاری کارروائیوں کے دوران نو افراد کو حراست میں لے کر 68 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 25 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن، روات پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب برآمد کی، مورگاہ پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 15 لیٹر شراب برآمد کی۔

اسلام آباد ہائیکورٹ میں 1 ڈویژن اور 6 سنگل بنچ دستیاب ہونگے

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ میں آئندہ ہفتے ایک ڈویژن اور 6 سنگل بنچ دستیاب ہوں گے اور جسٹس بابر ستار عدالتی تعطیلات کے بعد واپس آگئے۔ چیف جسٹس کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس سے جاری ججز ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈویژن بنچ چیف جسٹس اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل ہوگا جبکہ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر، جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس طارق محمود جہانگیری، جسٹس بابر ستار، جسٹس ثمن رفعت امتیاز اور جسٹس محمد آصف کے سنگل بنچز دستیاب ہوں گے، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان، جسٹس ارباب محمد طاہر، جسٹس محمد اعظم خان، جسٹس خادم سومرو اور جسٹس انعام امین منہاس رخصت پر ہوں گے، ججز ڈیوٹی روسٹر 4 سے 8 اگست تک کا جاری کیا گیا ہے۔

اوقات نماز

فجر	4:40	طلوع آفتاب	5:19
ظہر	1:30	عصر	5:30
مغرب	7:13	عشاء	9:00

موسم

اتوار کے روز کشمیر، خیبر پختونخواہ، اسلام آباد، پنجاب، گلگت بلتستان میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان۔ اس دوران بالائی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان، خطہ پوٹھوہار، کشمیر میں شدید/موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔

مون سون ستمبر کے آخر تک رہنے کا امکان ہے، ماہرین موسمیات

ملک کے جنوبی حصوں میں رواں سال مون سون ستمبر کے آخر تک رہنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ماہرین موسمیات نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث موسموں کے پیٹرن تبدیل ہو رہے ہیں، ملک کے جنوبی حصوں میں رواں سال مون سون ستمبر کے آخر تک رہنے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال مون سون ہوائیں ملک کے جنوبی حصے پر کم اثر انداز ہو رہی ہے۔ ماہرین موسمیات کے مطابق مون سون ہوائیں زیادہ تر ملک کے شمالی و بالائی علاقوں پر اثر انداز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 10 اگست سے مون سون ہوا کا رخ ملک کے جنوبی حصے کی جانب ہو جائے گا۔ اگست کے وسط سے مون سون سسٹم جنوبی حصے پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ ماہرین موسمیات کے مطابق رواں سال مون سون کا دورانیہ بھی بڑھ سکتا ہے۔ عام طور پر ملک کے جنوبی حصے میں مون سون 15 ستمبر کو ختم ہو جاتا ہے۔ تاہم رواں سال مون سون ستمبر کے آخر تک رہ سکتا ہے۔

چینی مہنگے داموں فروخت کرنے پر 35 دکانیں سیل

ڈی سی کی ہدایت پر چینی کی فراہمی اور نرخوں پر سخت کریک ڈاؤن

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے چینی کے سرکاری نرخ پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے شہر بھر میں بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے مختلف علاقوں میں اچانک چھاپے مارے اور شہریوں کو مہنگے داموں چینی فروخت کرنے پر 35 دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ 4 افراد کو گرفتار بھی کر لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کا کہنا ہے کہ دکانداروں کو منڈی سے ہول سیل ریٹ پر چینی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے تاکہ وہ شہریوں کو 172 روپے فی کلو کے سرکاری نرخ پر چینی مہیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے دکانداروں کے خلاف بھی کارروائی کی جا رہی ہے جو چینی کی عدم دستیابی کا جھوٹا بہانہ بناتے ہیں۔ ڈی سی اسلام آباد نے بتایا کہ شہریوں کی سہولت کے لیے شہر میں متعدد مقامات پر 172 روپے فی کلو چینی کے سٹالز فعال کر دیے گئے ہیں، جبکہ دکانداروں کو بروقت چینی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایک فوکل پرسن بھی مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی صورت مہنگی چینی نہ خریدیں اور اس کی نشاندہی فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو کریں تاکہ مزید مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔

راولپنڈی، ایک شخص نے یوم آزادی کی مناسبت سے مختلف اشیاء فروخت کیلئے سجا رکھی ہیں

مری ایکسپریس وے کی تعمیر جلد مکمل کرنے کی ہدایت

وفاقی وزیر مواصلات کا اسلام آباد، مری ایکسپریس وے کا تفصیلی دورہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ہفتہ کو اسلام آباد، مری ایکسپریس وے کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے افسران کو اہم ہدایات جاری کیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ مری ایکسپریس وے کا تعمیراتی کام جلد از جلد اور بین الاقوامی معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں اور سیاحوں کو محفوظ، بلا رکاوٹ اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مری ایکسپریس وے پر خوبصورت لائٹس کی تنصیب مکمل کر لی گئی ہے جبکہ ریسٹ ایریاز اور ہنگامی طور پر رکنے کے مقامات پر کام تیزی سے جاری ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے زیر تعمیر ریسٹ ایریاز کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو تعمیراتی رفتار تیز کرنے اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور ڈیڈ لائن کے اندر سارا کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ سیاحوں کے لیے بہترین سفری سہولیات فراہم کرنا نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے، مری ایکسپریس وے پر دونوں اطراف یادگاری دیواروں کی تعمیر اور تزئین و آرائش کا کام بھی جلد مکمل کر لیا جائے۔ انہوں نے واضح ہدایت کی کہ ایکسپریس وے کے اطراف مقررہ حدود میں کسی قسم کی غیر قانونی تعمیرات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

پنڈی گھیب، منشیات فروش گرفتار

منشیات برآمد، مقدمہ درج

پنڈی گھیب (صباح نیوز) تھانہ پولیس پنڈی گھیب کی منشیات فروش کے خلاف کارروائی۔ ایک منشیات فروش گرفتار۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی ہدایات پر اٹک پولیس کی منشیات فروشی کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں اسی سلسلے میں تھانہ پنڈی گھیب کے اے ایس آئی ظہیر خان نے دوران گشت و پڑتال منشیات فروش سیف الرحمن سکنہ نوشہرہ پنڈی گھیب سے 1400 گرام چرس برآمد کرلی۔ تھانہ پنڈی گھیب پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر دیا۔

پنڈی گھیب، ملزم سے غیر قانونی اسلحہ برآمد، ایک ملزم گرفتار

پنڈی گھیب (صباح نیوز) پولیس نے اسلحہ ناجائز برآمد ہونے پر ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر دیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ پولیس پنڈی گھیب کے اے ایس آئی محمد اعجاز نے ڈھوک ڈھیر ٹلہٹ پنڈی گھیب کے رہائشی محمد نثار سے اسلحہ ناجائز رائفل 12 بور معہ ایمونیشن برآمد ہونے پر گرفتار کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر دیا۔

5 منشیات فروش گرفتار، 16 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن ڈرگ فری پنجاب، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کے دوران 5 افراد گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ساڑھے 16 کلو سے زائد منشیات برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 کلو 948 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 5 کلو 460 گرام چرس برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 110 گرام آئس برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 30 گرام آئس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بائیولوجی اولمپیاڈ، گولڈ میڈل جیتنے والے طالب علم کی پذیرائی

عبدالرافع نے WWF کی زیر سرپرستی فلپائن میں منعقدہ اولمپیاڈ میں شرکت کی

سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ کی زیر صدارت تقریب، عبدالرافع کو شیلڈ پیش کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر سرپرستی طالب علم عبدالرافع کو انٹرنیشنل بائیولوجی اولمپیاڈ میں پاکستان کے لئے پہلی بار گولڈ میڈل جیتنے کے اعتراف میں سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد کی زیر صدارت ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس میں شاندار کامیابی پر عبدالرافع کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ نے کہا کہ عبدالرافع کی بین الاقوامی سطح پر نمایاں کامیابی بنیادی طور پر وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین کی مثبت سوچ اور ویژن کی جیت ہے۔ انہوں نے کہا یہ پہلا گولڈ میڈل ثابت کرتا ہے کہ ہم چوہدری سالک حسین اور وفاقی سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری کے مشن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ سیکریٹری ذوالفقار احمد نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر عالمی برادری میں پاکستان کو جو مقام دلانا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد گولڈ میڈل حاصل کرنے پر عبدالرافع کو شیلڈ دے رہے ہیں

ANF کی کارروائیاں، 107 کلو منشیات برآمد، 11 گرفتار

برطانیہ سے راولپنڈی پارسل کی چیکنگ کے دوران 84 گرام مائع بھنگ برآمد

راولپنڈی (صباح نیوز) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں 9 کارروائیوں کے دوران 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تمام کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 2 کروڑ 15 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 107 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، ترجمان کے مطابق چکلالہ میں واقع ایک کوریئر آفس میں برطانیہ سے راولپنڈی آنے والے پارسل کی چیکنگ کے دوران 84 گرام مائع بھنگ برآمد ہوئی جس پر متعلقہ ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ اسی طرح ساہیوال کے قریب ہڑپہ ٹول پلازہ پر ایک گاڑی سے 4 کلو افیون، 2 کلو چرس اور 500 گرام آئس برآمد ہوئی، جہاں 3 ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ بلوچستان کے ضلع پشین میں سرانان روڈ پر کارروائی کے دوران ایک گاڑی سے 45 کلو افیون برآمد ہوئی، جب کہ ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ترنول کے قریب ایک ٹرک سے 25 کلو افیون اور 8.22 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔

راولپنڈی، جولائی میں آگ لگنے کے 84 واقعات رپورٹ

1122 ٹیمیں بروقت ان واقعات پر پہنچیں اور امدادی کارروائیاں کیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ضلع راولپنڈی میں جولائی کے مہینے میں ریسکیو راولپنڈی کو 84 آگ لگنے کے واقعات رپورٹ ہوئے، ریسکیو ٹیمیں بروقت ان واقعات پر پہنچی اور امدادی کارروائیاں کیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق آگ لگنے کے ان واقعات میں مجموعی طور پر 2 افراد زخمی ہوئے، ریسکیو فائر فائٹرز نے پیشہ ورانہ کارروائی سے آگ لگنے والے ان واقعات پر بروقت قابو پایا، ریسکیو فائر فائٹرز اور ضلعی ریسکیو انتظامیہ کی بدولت آگ کے ان واقعات میں ریسکیو راولپنڈی نے مجموعی طور پر تقریباً 752 ملین مالیت کو ممکنہ نقصان سے بچایا، آگ لگنے کی وجوہات میں شاٹ سرکٹ، سگریٹ کے استعمال میں لاپرواہی، گیس لیکج اور دیگر شامل ہیں، ریسکیو سروس راولپنڈی آگ لگنے کے واقعات میں کمی لانے کے لئے بھی کوشاں ہیں، فائر سیفٹی رولز کا نفاذ، فائر سیفٹی ٹریننگ اور دیگر پروگرام مسلسل جاری ہیں۔

میرٹ بیسڈ ہیڈ ٹیچرز کی تعیناتی کیلئے کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز

لاہور (این این آئی) میرٹ بیسڈ ہیڈ ٹیچرز کی تعیناتی کیلئے ٹیسٹ میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق میرٹ بیسڈ ہیڈ ٹیچرز کی تعیناتی کیلئے ٹیسٹ میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز کر دیا گیا، سیکرٹری سکولز ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر ودٹو 289 امیدواروں کے انٹرویو لیے۔ لاہور میں ہیڈز کی خالی آسامیوں کے لئے 201 امیدواروں کے انٹرویو ہوں گے، باقی 88 امیدوار کے انٹرویو قصور اور ننکانہ میں ہیڈز کی تعیناتی کیلئے کیے جائیں گے۔ انٹرویو پینل میں سی ای او ایجوکیشن نذیر حسین، وحید رضا اور محمد عارف بھی شامل ہیں۔ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن خالد نذیر ودٹو کے مطابق انٹرویو میں کامیاب امیدواروں ایک ہفتے میں اپوئنٹمنٹ لیٹر جاری کر دیئے جائیں گے۔

ڈیرہ بگٹی، بارودی سرنگ پھٹنے سے دو افراد جاں بحق، ایک زخمی

ڈیرہ بگٹی (صباح نیوز) ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں کم از کم دو افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا ہے۔ مقامی حکام کے مطابق یہ واقعہ ضلع کی تحصیل سوئی کے علاقے لنجو سغاری میں پیش آیا۔ ڈیرہ بگٹی میں لیویز فورس کے ایک اہلکار محمد اقبال نے بتایا کہ اس علاقے میں نامعلوم افراد نے بارودی سرنگ نصب کی تھی۔ انھوں نے بتایا کہ بارودی سرنگ کو دیکھنے کے بعد دھماکے کا نشانہ بننے والے افراد نے اس کو نکالنے کی کوشش کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کوشش کے دوران بارودی سرنگ پھٹ گئی جس کی وجہ سے دو افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ انھوں نے بتایا کہ ہلاک ہونے والے افراد کی شناخت زاہد چاکرانی اور وشو چاکرانی جبکہ زخمی شخص کی شناخت سادا چاکرانی کے نام سے ہوئی۔

راولپنڈی، مری روڈ پر محنت کش گنے کا رس کار میں بیٹھی خاتون کو دے رہا ہے

گورنر ہاؤس میں 14 دن تک جشن آزادی تقریبات ہونگی

میری خواہش تھی کہ ایران کے صدر کراچی بھی آتے، کامران ٹیسوری

کراچی (صباح نیوز) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ پاکستانی فتح یاب قوم ہے، گورنر ہاؤس سندھ میں 14 دن تک جشن آزادی تقریبات ہوں گی۔ معرکہ حق جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ ایران کے صدر کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں، میری خواہش تھی کہ ایران کے صدر کراچی بھی آتے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ بھارت کے خلاف جنگ میں دوست ممالک نے ساتھ دیا، جنگ میں ترکیہ نے پاکستان کو بھرپور سپورٹ کیا، جنگ میں سعودی عرب اور ایران نے بھی پاکستان کی حمایت کی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ 14 اگست تک جشن آزادی مناتے رہیں گے، گورنر ہاؤس میں 14 دن تک جشن آزادی کی تقریبات ہوں گی۔

راولپنڈی میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن

20 روز کے دوران 178 پیشہ ور گداگروں کو حراست میں لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر شہر بھر میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، گزشتہ 20 روز کے دوران شہر بھر سے 178 پیشہ ور گداگروں کو حراست میں لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر شہر بھر میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، گزشتہ 20 روز کے دوران شہر بھر سے 178 پیشہ ور گداگروں کو حراست میں لیا گیا، پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی کے لئے سپیشل سکواڈ تشکیل دیئے گئے ہیں، پیشہ ور گداگروں میں سے بیشتر چوری، منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہوتے ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ مصروف سڑکوں اور شاہراہوں پر گداگری کی روک تھام کے لیے کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہر بھر میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

سیمنٹ کی فروخت میں جولائی کے دوران 30.13 فیصد اضافہ

کراچی (صباح نیوز) جولائی 2025ء کے دوران سیمنٹ کی فروخت میں 30.13 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور مجموعی طور پر 3.997 ملین ٹن سیمنٹ کی فروخت ہوئی جبکہ جولائی 2024ء میں 3.071 ملین ٹن سیمنٹ فروخت کی گئی تھی۔ آل پاکستان سیمنٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025ء کے دوران مقامی مارکیٹ میں سیمنٹ کی فروخت 2.988 ملین ٹن رہی، یہ حجم جولائی 2024ء کے 2.524 ملین ٹن کے مقابلے میں 18.40 فیصد زیادہ ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025ء کے دوران سیمنٹ کی برآمدات میں بھی زبردست 21.84 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جو جولائی 2024ء میں 0.547 ملین ٹن کی ایکسپورٹ سے بڑھ کر جولائی 2025 میں 1.008 ملین ٹن تک پہنچ گیا۔

تلہ گنگ، تجاوزات کے خلاف آپریشن، غیر قانونی تعمیر مسمار

چکوال (این این آئی) تلہ گنگ میں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تلہ گنگ میں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا تجاوزات کے خلاف آپریشن میں چیف آفیسر میاں انیس، میونسپل آفیسر عقیل عباس، سب انجینئر شیخ عدنان، ایم او آر سلیم اقبال، انسپکٹر مدثر محمن سمیت انفورسمنٹ ٹیم نے حصہ لیا اور متعدد مقامات پر غیر قانونی تعمیر کیے گئے تھڑے توڑے گئے اور سامان ضبط کر لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر کا کہنا تھا کہ شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کی روانی کے لیے یہ مہم جاری رہے گی، اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

راولپنڈی، ایک شخص خاندان کا پیٹ پالنے کیلئے غبارے فروخت کر رہا ہے

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

گھروں، دوکانوں، ہوٹل اور افراد کے کوائف کا اندراج کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران گھروں، دوکانوں، ہوٹل اور افراد کے کوائف کا اندراج کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس، ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 111 گھروں، 90 دوکانداروں، 46 ہوٹل، 02 گودام، 73 موٹر سائیکل اور 343 سے زائد افراد کے کوائف کا اندراج کیا گیا، سرچ آپریشن تھانہ صادق آباد، نیو ٹاؤن، بنی، وارث خان، سٹی، گنجمنڈی، رتہ امرال اور پیرودہائی کے علاقوں میں کیا گیا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے۔



THE DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
بانی: عبداللہ بٹ
اتوار، 3 اگست، 2025، 8 صفر المظفر، 1447ھ
www.dailymumtaz.com

شاہراہ بابوسر سے متعدد گاڑیوں کو ملبے سے نکال لیا گیا

بیشتر رابطہ سڑکیں بحال کردی گئی ہیں، ترجمان جی بی حکومت

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان حکومت کے ترجمان فیض اللہ فراق نے کہا ہے کہ شاہراہ بابوسر پر سرچ آپریشن جاری ہے تاہم لاپتا افراد کا پتا نہیں چل سکا ہے۔ ترجمان جی بی حکومت کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران سیلاب متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام تیز کیا گیا ہے، متعدد گاڑیوں کو ملبے سے نکال لیا گیا ہے تاہم اس کے باوجود لاپتا افراد کا پتا نہیں چل سکا ہے۔ فیض اللہ فراق نے بتایا کہ شاہراہ بابوسر اور دیگر علاقوں میں مواصلاتی نظام بحال ہے اور بیشتر رابطہ سڑکیں بحال کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف جلد گلگت بلتستان کا دورہ کریں گے۔

ویتنام، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 8 افراد ہلاک، 3 لاپتہ

30 مکانات سیلابی پانی میں بہہ گئے، 30 دیہاتوں کا باقی علاقوں سے رابطہ منقطع

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے صوبے دیین بیان میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 8 افراد ہلاک اور 3 لاپتہ ہوگئے۔ چینی میڈیا کے مطابق ویتنام ڈیزاسٹر اینڈ ڈائک مینجمنٹ اتھارٹی نے بتایا کہ ہفتہ کی صبح 6 بجے تقریباً 60 مکانات سیلابی پانی میں بہہ گئے۔ 30 دیہاتوں کا باقی علاقوں سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، تقریباً 700 اہلکار، جن میں پولیس، فوج، مقامی رضاکار اور مختلف سماجی تنظیموں کے اراکین شامل ہیں، لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے تعینات کیے گئے ہیں۔ ہفتہ کی صبح نائب وزیراعظم ترن ہونگ ہانے سا زنگ نامی یونین کونسل کا دورہ کیا اور مقامی حکام پر زور دیا کہ وہ فوری اقدامات کریں۔

مقبوضہ کشمیر، ایک اور کشمیری شہید، تعداد 6 ہوگئی

نوجوان کو دیوسر اکھل میں تلاشی کی کارروائی کے دوران شہید کیا گیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی کے دوران ضلع کولگام میں ایک اور کشمیری نوجوان کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوان کو ضلع کے علاقے دیوسر اکھل میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران شہید کیا۔ بھارتی فوجیوں، پیراملٹری سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس نے علاقے میں تلاشی آپریشن گزشتہ شام شروع کیا تھا۔ آخری اطلاعات تک آپریشن جاری تھا۔ اس تازہ شہادت سے رواں ہفتے شہید ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 6 ہوگئی۔

5 اگست 2019 کا مقبوضہ کشمیر میں ہڑتال کی کال

بھارتی اقدام

غیر قانونی بھارتی اقدامات کو مسترد کرتے ہیں، حریت کانفرنس اور مختلف آزادی پسند تنظیموں نے سرینگر، مقبوضہ وادی کشمیر کے دیگر علاقوں میں پوسٹر چسپاں کردیئے

کشمیری 5 اگست کو مکمل ہڑتال کرکے دنیا کو واضح پیغام دیں کہ وہ 5 اگست 2019 کے بھارت کے غیر قانونی اقدامات کو تسلیم نہیں کرتے، کل جماعتی حریت کانفرنس

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) کل جماعتی حریت کانفرنس نے 5 اگست کو مقبوضہ کشمیر میں ہڑتال کی کال دے دی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کا کہنا ہے کہ کشمیری 5 اگست کو مکمل ہڑتال کرکے دنیا کو یہ واضح پیغام دیں کہ وہ 5 اگست 2019 کے بھارت کے غیر قانونی اقدامات کو تسلیم نہیں کرتے۔ حریت کانفرنس کا کہنا ہے کہ 5 اگست کشمیریوں کے لیے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے جب بھارت نے ان کی منفرد حیثیت اور شناخت چھین لی۔ حریت کانفرنس اور مختلف آزادی پسند تنظیموں نے سرینگر اور مقبوضہ وادی کشمیر کے دیگر علاقوں میں پوسٹر بھی چسپاں کیے ہیں جن میں درج تحریر میں اگست 2019 کے غیر قانونی بھارتی اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں واپس لینے، سیاسی نظر بندوں کی رہائی اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو یکطرفہ طور پر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کردی تھی۔

لاہور، چیئرپرسن وزیراعلیٰ انسپکشن و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین شادمان میں بیت المال کے دفتر کا دورہ کررہے ہیں

امریکا، اناکونڈا میں فائرنگ کے واقعے میں 4 افراد ہلاک

نیویارک (این این آئی) امریکی ریاست مونٹانا کے شہر اناکونڈا میں فائرنگ کے واقعے میں 4 افراد ہلاک ہو گئے۔ چینی میڈیا کے مطابق اناکونڈا-ڈیر لاج کاؤنٹی لا انفورسمنٹ سینٹر کی فیس بک پوسٹ میں بتایا گیا کہ فائرنگ کا واقعہ دی آل بار میں پیش آیا، پوسٹ میں خبردار کیا گیا کہ فائرنگ کا مشتبہ شخص مسلح اور خطرناک ہے، ملزم کی شناخت مائیکل پال بران کے طور پر کی گئی ہے۔ حکام نے مشتبہ شخص کی تصویر فیس بک پر شیئر کی اور عوام کو سٹیپ ٹان اور اس کے آس پاس کے علاقوں سے دور رہنے کا مشورہ دیا۔ مونٹانا ہائی وے پٹرول نے بھی فیس بک پوسٹ میں کہا کہ اناکونڈا کے مغرب میں سٹیپ ٹان روڈ اور ایڈرسن رینچ لوپ روڈ کے قریب قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موجود ہے۔

ایلون مسک کا آئرلینڈ سمیت تمام ممالک کو یورپی یونین چھوڑنے کا مشورہ

برسلز (این این آئی) معروف امریکی کاروباری شخصیت ایلون مسک نے آئرلینڈ اور دیگر یورپی ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ یورپی یونین سے علیحدہ ہو جائیں۔ یورپی یونین یورپ میں جمہوریت کو تباہ کر رہی ہے۔ ایلون مسک نے یہ بیان سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے دیا۔ انہوں نے لکھا کہ آئرلینڈ کو یورپی یونین چھوڑ دینا چاہیے۔ میری رائے میں تمام ممالک کو چھوڑ دینا چاہیے۔ یورپی یونین یورپ میں جمہوریت کو تباہ کر رہی ہے۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب ایک خبر میں بتایا گیا کہ آئرلینڈ کو یورپی یونین کے قانون کے تحت پناہ گزینوں کو قبول کرنے کا پابند کیا گیا ہے۔

کالا شاہ کاکو ریلوے ٹریک بحال، فٹنس رپورٹ بھی جاری

ٹرینیں بھی اپنے اپنے روٹس پر معمول کے مطابق روانہ ہوئیں، ترجمان

لاہور (این این آئی) کالا شاہ کاکو کے مقام پر ریلوے ٹریک بحال کردیا گیا جس کی فٹنس رپورٹ بھی جاری کردی گئی۔ ترجمان ریلوے کے مطابق ریلوے ٹریک بحالی کے بعد جعفر ایکسپریس ٹریک سے گزری اور اسلام آباد ایکسپریس سمیت دیگر ٹرینیں بھی اپنے اپنے روٹس پر معمول کے مطابق روانہ ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق حادثے کے تمام زخمی مسافر طبی امداد کے بعد ڈسچارج کر دیے گئے۔ جبکہ فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلوے کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو سات روز میں رپورٹ وزارت میں پیش کی جائے گی۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ذمہ داران کو سیدھا جیل بھیجیں گے۔ اس سے قبل ٹریک کی بحالی کے کام کے دوران لاہور سے راولپنڈی جانے اور آنے والی ٹرینوں کو عارضی طور پر متبادل روٹ پر منتقل کیا گیا تھا۔ ترجمان ریلوے کا کہنا تھا کہ اسلام آباد ایکسپریس ٹرین حادثے میں 25 مسافر زخمی ہوئے تھے۔

پنجاب میں پولیو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ

راجن پور کی رہائشی 6 ماہ کی بچی میں پولیو کی تصدیق ہوئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پولیو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا، محکمہ صحت کے مطابق رواں سال صوبے میں پولیو کا یہ دوسرا تصدیق شدہ کیس ہے، چلڈرن ہسپتال کے ڈاکٹرز نے 6 ماہ کی بچی کے پولیو کی تصدیق کردی، یوسی شاہ والی روجھان ضلع راجن پور کی 6 ماہ کی بچی میں پولیو کی تصدیق کی گئی۔ متاثرہ بچی کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین نہ دینے کا انکشاف کیا گیا۔

اسلام آباد، ایک شخص نے بچوں کے کھلونے فروخت کرنے کیلئے سٹال لگا رکھا ہے

افتخار احمد کا سی پی ایل میں گیانا ایمزون واریئرز کے ساتھ معاہدہ طے

لاہور (این این آئی) کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) 2025 کے لیے پاکستان کے افتخار احمد کا معاہدہ طے پا گیا۔ افتخار احمد کا گیانا ایمزون واریئرز کے ساتھ 3 میچز کے لیے معاہدہ ہوا ہے، افتخار احمد حسان خان کے متبادل کھلاڑی کے طور پر ابوظہبی رائی 3 میچز کے لیے دستیاب ہوں گے۔ علاوہ ازیں کیریبین پریمیئر لیگ 2025 کیلئے چار ٹیموں نے 5 پاکستانی کھلاڑیوں کو پک ہے، محمد نواز سینٹ لوسیا کنگز اینڈ نیوس پیٹریاٹس، عماد وسیم بارباڈوس رائلز اینڈ بارباڈوس فالکنز، محمد عامر اور عثمان طارق ٹرینیڈاد ٹائگرز رائیڈرز اور حسان خان گیانا ایمازون واریئرز کی جانب سے ایکشن میں ہوں گے۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستان کے نام سے شرکت پر پابندی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستان کے نام سے شرکت پر پابندی کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا نام اب کسی بھی لیگ میں استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔ نام استعمال کرنے کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ سے اجازت لینا لازمی قرار دے دیا گیا۔ انگلینڈ میں جاری ایونٹ میں پاکستان چیمپئنز کو فائنل کھیلنے کی اجازت ہوگی۔ ڈبلیو سی ایل میں بھارت کے انکار کے بعد پیدا ہونے والی صورتِ حال کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے، جس کا مقصد پاکستان کے نام کی ساکھ کو متاثر ہونے سے بچانا ہے۔

مذاکرات کامیاب، اب کوئی ہڑتال نہیں ہوگی، ذکی اعجاز

گرفتاری، کیش ٹرانزیکشن، ڈیجیٹل انوائسنگ سے متعلق مسائل حل ہوچکے

لاہور (صباح نیوز) صدر ایف پی سی سی آئی (فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری) نے اعلان کیا ہے کہ ایف بی آر نے فنانس ایکٹ میں تبدیلی کے سرکلر جاری کردیے ہیں اور مذاکرات کامیاب ہوئے گئے ہیں اس لیئے اب کوئی ہڑتال نہیں ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق قائم مقام صدر ایف پی سی سی آئی ذکی اعجاز نے کہا کہ گرفتاری، 2 لاکھ روپے کیش ٹرانزیکشن، اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے متعلق مسائل حل ہوچکے ہیں۔ ان کے مطابق ایک کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جس کی اجازت کے بغیر کسی کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکے گی۔ ذکی اعجاز کا کہنا تھا کہ اب کسی بھی ڈیپازٹ ٹرانزیکشن کو بینک ٹرانزیکشن تسلیم کیا جائے گا۔ سیلز ٹیکس ای صورت لاگو ہوگا جب رقم کی باقاعدہ انوائس جاری کی گئی ہو۔ قائم مقام صدر کے مطابق ایف بی آر پر تیک مزید ضروری نوٹیفکیشنز بھی جاری کرے گا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ انٹرسٹ ریٹ فوری طور پر کم کیا جائے تاکہ معیشت میں بہتری آسکے۔

سندھ میں 16 لاکھ بچے مشقت جیسے مسائل کا شکار

چائلڈ لیبر پر 28 سال بعد ہونے والے جامع سروے میں ہوش ربا انکشافات

کراچی (این این آئی) سندھ میں چائلڈ لیبر پر 28 سال بعد ہونے والے جامع سروے میں ہوش ربا انکشافات سامنے آئے ہیں، سندھ چائلڈ لیبر سروے کے مطابق 16 لاکھ سے زائد بچے محنت مشقت جیسے مسائل میں گرفتار ہیں۔ سروے محکمہ محنت سندھ، یوسیف اور بیورو آف اسٹیٹکس کے اشتراک سے مکمل کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ میں چائلڈ لیبر پر 28 سال بعد ہونے والے جامع سروے میں ہوش ربا انکشافات سامنے آئے ہیں، سندھ چائلڈ لیبر سروے کے مطابق 16 لاکھ سے زائد بچے محنت مشقت جیسے مسائل میں گرفتار ہیں۔ سروے محکمہ محنت سندھ، یوسیف اور بیورو آف اسٹیٹکس کے اشتراک سے مکمل کیا گیا ہے سندھ چائلڈ لیبر سروے 24-2022 کے مطابق 10 سے 17 سال کی عمر کے 8 لاکھ سے زائد بچے خطرناک حالات میں کام کر رہے ہیں، محنت کش بچوں کی اسکول حاضری کی شرح صرف 40.6 فیصد ہے۔ قمبر شہداد کوٹ میں چائلڈ لیبر کی شرح سب سے زیادہ 30.8 فیصد ریکارڈ کی گئی، تھرپارکر میں 2.9 فیصد، شکارپور میں 20.2 فیصد اور ٹنڈو محمد خان میں 20.3 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

کراچی، معروف پاکستانی امریکن تاجر انوش احمد مستحقین میں راشن تقسیم کررہے ہیں

پاکستانی امریکن تاجر کا کراچی سے فلاحی کاموں کا آغاز

انوش احمد نے اورنگی ٹاؤن اور سولجر بازار میں راشن کے 200 تھیلے تقسیم کئے

کراچی (وقائع نگار) معروف پاکستانی امریکن بزنس مین اور سماجی کارکن انوش احمد نے معاشرے کے مستحق اور ضرورت مند افراد کی مدد کے جذبہ کے تحت پاکستان بھر جامع فلاحی کاموں کا آغاز کراچی سے کردیا۔ تفصیلات کے مطابق معروف پاکستانی امریکن بزنس مین اور سماجی کارکن انوش احمد نے معاشرے کے مستحق اور ضرورت مند افراد کی مدد کے جذبہ کے تحت پاکستان بھر جامع فلاحی کاموں کا آغاز کراچی سے کردیا انوش ایک فاؤنڈیشن کے ذریعے شروع کئے گئے فلاحی پروگرام کے تحت ہفتہ کو کراچی کے پسماندہ علاقوں اورنگی ٹاؤن میں مسلم کمیونٹی اور پولیس لائنز سولجر بازار میں مسیحی برادری میں راشن کے 200 تھیلے تقسیم کئے گئے۔ راشن کے تھیلے آٹا، چاول، دالیں، آئل، چائے کی پتی اور چینی جیسی ضرورت کی بنیادی اشیا پر مشتمل تھے جو ایک ماہ کیلئے ایک گھر کی ضروریات باآسانی پوری کرنے کیلئے کافی ہے۔ انوش فاؤنڈیشن کی ٹیم اور مقامی رضاکاروں نے مل کر راشن کے تھیلے تقسیم کئے۔ یہ پروگرام مختلف قومیتوں، زبانوں اور مذاہب کے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر اتحاد، یکجہتی اور ہم آہنگی کا پیغام دیتی ہے۔ انوش فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر انوش احمد نے کہا کہ یہ صرف خوراک کی تقسیم نہیں ہے بلکہ ان لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی بھی ہے جنہیں اکثر نظر انداز کردیا جاتا ہے۔

دبئی ابوظہبی ایشیا کپ کے میزبان محسن نقوی نے وینیوز کا اعلان کردیا

افتتاحی میچ افغانستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ابوظہبی میں ہوگا، دو ٹاپ ٹیموں کا فائنل دبئی میں ہوگا

پاکستان کے تینوں میچ دبئی، بھارت کے 2 میچ دبئی، ایک ابوظہبی میں ہوگا، صدر ایشین کرکٹ کونسل کی پوسٹ

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) صدر ایشین کرکٹ کونسل محسن نقوی نے ایشیا کپ کے وینیوز کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وینیوز کا اعلان کیا جس کے مطابق ایشیا کپ کے میچز کے میزبان دبئی اور ابوظہبی ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق صدر ایشین کرکٹ کونسل محسن نقوی نے ایشیا کپ کے وینیوز کا اعلان کیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وینیوز کا اعلان کیا جس کے مطابق ایشیا کپ کے میچز کے میزبان دبئی اور ابوظہبی ہوں گے محسن نقوی نے بتایا کہ افتتاحی میچ افغانستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ابوظہبی میں ہوگا، دو ٹاپ ٹیموں کے درمیان فائنل کا میزبان دبئی ہوگا۔ پاکستان اپنے تینوں پول میچز دبئی میں کھیلے گا، بھارت کے دو میچز دبئی میں ہوں گے اور ایک میچ ابوظہبی میں کھیلا جائے گا۔ محسن نقوی کے بعد پاک بھارت ہائی وولٹیج ٹاکرے کا میزبان بھی دبئی کا انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم ہوگا۔ افغانستان اور ہانگ کانگ کے درمیان میچ 9 ستمبر کو شام 6 بجے کھیلا جائے گا، دنیائے کرکٹ کا سب سے بڑا مقابلہ 14 ستمبر کو شام 6 بجے دبئی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ سپر فور کے تمام میچز بھی شام 6 بجے شروع ہوں گے، 28 ستمبر کو دبئی کرکٹ سٹیڈیم فائنل کی میزبانی کرے گا جو شام 6 بجے شروع ہوگا۔

ناروے کپ میں انڈر 15 کا ٹائٹل جیتنے والے پاکستانی ٹیم بیٹر فیوچر پاکستان کے کھلاڑیوں کا ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو

مارشل آرٹسٹ فاطمہ نسیم نے عالمی ریکارڈ قائم کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) 8 برس کی عمر میں اپنا نام گینز ورلڈ ریکارڈ میں درج کروانے والی پاکستان کی مارشل آرٹسٹ فاطمہ نسیم نے ایک بار پھر عالمی ریکارڈ قائم کرلیا ہے۔ کم عمر اور باصلاحیت مارشل آرٹس کھلاڑی فاطمہ نسیم منفرد کارنامہ سرانجام دیکر ملک کا نام عالمی سطح پر روشن کردیا۔ 12 سالہ فاطمہ نسیم نے اپنے ہاتھوں میں انڈے پکڑ کر 1 منٹ میں سب سے زیادہ فل ایکسٹینشن کے لگانے کا ریکارڈ توڑ دیا۔ انہوں نے انڈوں کو توڑے بغیر کم از کم 250 مکے لگا کر اپنا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈز میں درج کروالیا۔

پاکستان کے ایک اور میراتھون ایونٹ کو عالمی توثیق مل گئی

سکھر (این این آئی) پاکستان کے ایک اور میراتھون ایونٹ کو عالمی توثیق مل گئی۔ سکھر میں ہونے والی لوک سجنا کا کورس اے آئی ایم ایس ورلڈ اتھلیٹکس نے منظور کرلیا ہے۔ لوک سجنا پاکستان میں عالمی توثیق یافتہ دوسری میراتھون ہوگی۔ اس سے قبل کراچی میراتھون کو ورلڈ اتھلیٹکس لیبل کا درجہ مل چکا ہے۔ واضح رہے کہ لوک سجنا میراتھون سکھر سے خیرپور اور پھر واپس سکھر تک ہوتی ہے۔

پاک، یواے ای اور افغانستان کی سہ ملکی سیریز کا شیڈول

شارجہ میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز 29 اگست سے 7 ستمبر تک کھیلی جائے گی

دبئی (این این آئی) پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات (یواے ای) کی سہ ملکی سیریز کا شیڈول جاری کردیا گیا۔ شارجہ میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز 29 اگست سے 7 ستمبر تک کھیلی جائے گی، ہر ٹیم حریف ٹیموں سے دو مرتبہ میچ کھیلے گی۔ افتتاحی میچ 9 2 اگست کو پاکستان اور افغانستان کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ فائنل 7 ستمبر کو ہوگا۔ سہ ملکی سیریز کا شیڈول کے مطابق 29 اگست افغانستان بمقابلہ پاکستان' 30 اگست یو اے ای بمقابلہ پاکستان' 1 ستمبر یو اے ای بمقابلہ افغانستان' 2 ستمبر پاکستان بمقابلہ افغانستان' 4 ستمبر پاکستان بمقابلہ یو اے ای' 5 ستمبر افغانستان بمقابلہ یو اے ای' اور 7 ستمبر کو فائنل ہوگا۔ دوسری جانب پاکستان نے 3 میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کے پہلے میچ میں ویسٹ انڈیز کو 14 رنز سے شکست دے دی۔

لنکا پریمیئر لیگ 27 نومبر سے سری لنکا میں شروع ہوگی

لنکا پریمیئر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کے تمام میچز تین مختلف مقامات پر کھیلے جائیں گے

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کرکٹ (ایس ایل سی) کے زیر اہتمام لنکا پریمیئر لیگ کا چھٹا ایڈیشن رواں سال 27 نومبر سے سری لنکا میں شروع ہوگا۔ سری لنکا کرکٹ مطابق لنکا پریمیئر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کے تمام میچز تین مختلف مقامات پر کھیلے جائیں گے جن میں کولمبو، کینڈی اور دمبولا شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ ڈائریکٹر سما تھا ڈوڈان ویلا نے کہا ہے کہ ایل پی ایل کے آئندہ ایڈیشن میں سری لنکن مقامی کھلاڑیوں سمیت مختلف ممالک کے کھلاڑیوں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی ایل کا چھٹا ایڈیشن قومی ٹیم کے لئے آئندہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری کے لئے بھی بہت بہتر ثابت ہوگا، جو آئندہ سال کے اوائل میں بھارت اور سری لنکا کی میزبانی میں کھیلا جائے گا۔ ایل پی ایل کے آئندہ ایڈیشن کا فائنل 23 دسمبر کو کھیلا جائے گا۔

بھارت کو کھیلوں میں ایک اور ہزیمت کا سامنا

خالد محمود ایشین باکسنگ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن منتخب

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کو کھیلوں میں ایک اور ہزیمت کا سامنا، پاکستان کی بھارت کیخلاف سپورٹس ڈپلومیسی میں بڑی جیت، پاکستان کے محمد خالد محمود بھارتی حریف کو شکست دیکر ایشین باکسنگ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن منتخب ہوگئے ہیں۔ تھائی لینڈ میں ہونیوالے ایشین باکسنگ کے کانگریس اجلاس میں ہونیوالے انتخابات میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد محمود بھارتی حریف اجے سنگھ کو 9 کے مقابلے میں 18 ووٹ سے ہرا کر کامیاب ہوئے جو ایشیائی سطح پر پاکستان کی اسپورٹس قیادت پر اعتماد کا سبب بھی ہے۔ ایشین باکسنگ بورڈ میں پاکستان کی شمولیت خطے میں تعاون کو فروغ دے گی۔ صدر پاکستان باکسنگ فیڈریشن لیفٹیننٹ کرنل (ر) ناصر ننگ نے اس شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کیخلاف کامیابی پاکستان کیلئے باعثِ فخر ہے، پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر کھیلوں میں مضبوط مقام حاصل ہو رہا ہے، خالد محمود کا انتخاب پاکستان کے مثبت امیج اور اسپورٹس ڈپلومیسی کی کامیابی ہے۔

ٹی ٹوئنٹی سیریز' آئرلینڈ کا پاکستان ویمن کیخلاف سکواڈ کا اعلان

کیمی لوئس آئرلینڈ ویمن ٹیم کی قیادت کریں گی، اورلا پرینڈرگاسٹ کو نائب کپتان مقرر

کراچی (این این آئی) آئرلینڈ نے پاکستان ویمن کے خلاف ہوم ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ کیمی لوئس آئرلینڈ ویمن ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ اورلا پرینڈرگاسٹ کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئرلینڈ نے پاکستان ویمن کے خلاف ہوم ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ کیمی لوئس آئرلینڈ ویمن ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ اورلا پرینڈرگاسٹ کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے پاکستان اور آئرلینڈ ویمن ٹیموں کے درمیان پہلا میچ 6 اگست کو کھیلا جائے گا۔ سیریز کا دوسرا میچ 8 اگست کو جبکہ 10 اگست کو تیسرا میچ کھیلا جائے گا۔

ورلڈ ماس ریسلنگ' اسامہ بٹ نے سلور میڈل جیت لیا

روایتی کھیلوں میں پاکستان کی عالمی سطح پر بڑی کامیابی ہے، اسامہ بٹ

منگولیا (این این آئی) پاکستانی ریسلر اسامہ بٹ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منگولیا میں جاری ورلڈ ماس ریسلنگ چیمپئن شپ میں سلور میڈل جیت لیا۔ اسامہ بٹ نے قازقستان اور منگولیا کے کھلاڑیوں کو شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی۔ پاکستان ماس ریسلنگ فیڈریشن کے صدر نواب فرقان کا کہنا ہے کہ اسامہ بٹ نے پاکستان کا سر فخر سے بلند کردیا۔ ان کا کہنا ہے کہ روایتی کھیلوں میں پاکستان کی عالمی سطح پر بڑی کامیابی ہے، ماس ریسلنگ میں سلور میڈل جیتنا کھیلوں کی تاریخ کا سنہری لمحہ ہے۔ اسامہ بٹ کی کامیابی نوجوان ریسلرز کے لیے روشن مثال ہے۔

حمزہ خان ویلنشیا اوپن اسکواش کے فائنل میں پہنچ گئے

پاکستانی پلیئر نے 2-1 کے خسارے سے نکل کر 2-3 کی فتح حاصل کی

میڈرڈ (این این آئی) پاکستان کے حمزہ خان ویلنشیا اوپن اسکواش کے فائنل میں پہنچ گئے، سیمی فائنل میں حمزہ نے فرانس کے جوشوا فینیرا کو شکست دی۔ اسپین میں جاری ویلنشیا اوپن اسکواش کے سیمی فائنل میں پاکستانی پلیئر حمزہ خان نے 2-1 کے خسارے سے نکل کر 2-3 کی فتح حاصل کی۔ فائنل میں حمزہ خان کا مقابلہ ٹاپ سیڈ اسپین کے آنیکر پائیریس سے ہو گا اسپین میں جاری ویلنشیا اوپن اسکواش کی انعامی رقم 15 ہزار ڈالر ہے۔

پاکستان کے حمزہ خان ویلنشیا اوپن سکواش کے فائنل میں پہنچنے کے بعد خوشی کا اظہار کررہے ہیں

شبھمن گل نے سرگیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

لندن (این این آئی) بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شبھمن گل نے انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کے لیجنڈ بیٹر سر گیری سوبرز کا 59 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ اوول میں کھیلے جارہے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے پہلے روز شبھمن گل نے تاریخ رقم کی اور سر گیری سوبرز کا ریکارڈ توڑا۔ انہوں نے سینا ممالک (جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، اور آسٹریلیا) میں کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز میں ایک غیر ملکی کپتان کے سب سے زیادہ رنز بنانے کے سوبرز کے دیرینہ ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ویسٹ انڈیز کے لیجنڈ نے 1966 میں انگلینڈ-ویسٹ انڈیز سیریز میں 722 رنز بنائے تھے۔ گیل کو تعداد سے آگے نکلنے کے لیے صرف ایک رن درکار تھا اور انہوں نے اپنی اننگز کی چھٹی گیند پر دو رنز بنا کر یہ کارنامہ انجام دیا۔ 25 سالہ کھلاڑی اب انگلینڈ میں جاری پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں 724 رنز بنا چکے ہیں۔

محمد حارث کے دیر سے بیٹنگ کے لیے آنے پر حیران ہوں، این بشپ

فلوریڈا (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر این بشپ، محمد حارث کے دیر سے بیٹنگ کے لیے آنے پر حیران رہ گئے۔ سابق ویسٹ انڈیز کے فاسٹ بولر این بشپ نے پہلے ٹی 20 میچ کے دوران پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث کی دیر سے آمد پر حیرت کا اظہار کیا ہے۔ کمنٹری کے دوران بشپ نے 20 ویں اوور کی آخری گیند پر شاندار چھکا لگانے پر حارث کی تعریف کی لیکن بیٹنگ آرڈر میں انہیں دیر سے بھیجنے کے فیصلے پر سوال اٹھایا۔ انہوں نے ریمارکس دیے کہ وہ اس طرح کھیلتا ہے میں حیران ہوں کہ وہ اتنی دیر سے آیا۔ واضح رہے کہ محمد حارث جارح بیٹنگ کے لیے مشہور ہیں اور عام طور پر نمبر 3 یا 4 پر بیٹنگ کے لیے آتے ہیں۔ مئی میں بنگلادیش کے خلاف ان کی میچ وننگ سنچری اس کی مثال ہے۔

ہلک ہوگن کی موت کیسے ہوئی؟ اہم انکشاف سامنے آگیا

واشنگٹن (این این آئی) معروف پروفیشنل امریکی ریسلر ہلک ہوگن کی موت کی اصل وجہ سامنے آگئی۔ عالمی شہرت یافتہ ریسلر ہوگن کا اصل نام ٹیری جین بولیا تھا جو 71 سال کی عمر میں 24 جولائی کو فانی دنیا کو خیر باد کہہ گئے۔ پنلاس کاؤنٹی کے فارنزک سائنس سینٹر کی دستاویزات میں انکشاف ہوا ہے کہ معروف سابق ریسلر ہوگن کی موت کی تصدیق شدہ وجہ شدید دل کا دورہ (Acute Myocardial Infarction) تھی جسے عام طور پر ہارٹ اٹیک کہا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ہوگن کے دل کے پٹھوں کو خون کی روانی میں اچانک رکاوٹ پیدا ہوئی جس کے باعث ٹشو کو نقصان پہنچا، انہیں دل کی ایک بیماری ایٹریئل فبریلیشن لاحق تھی جس میں دل کی دھڑکن بے ترتیب اور تیز ہوجاتی ہے۔

یارکشائر کے میٹ ملفس سسیکس کاؤنٹی کیخلاف میچ میں پانچ وکٹیں لینے کے بعد خوشی کا اظہار کررہے ہیں

پاکستان، ویسٹ انڈیز میں دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج ہوگا

میچ سینٹرل برووارڈ ریجنل پارک سٹیڈیم ٹرف گراؤنڈ فلوریڈا میں کھیلا جائے گا

فلوریڈا (این این آئی) ویسٹ انڈیز اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا میچ 3

بقیہ 1 — گولڈ میڈل

چاہتے ہیں یہ گولڈ میڈل اس کی طرف بڑھتا پہلا قدم ہے۔اس موقع پر عبدالرافع نے ورکرز ویلفیئر فنڈ کی پوری انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا انہوں نے اپنا گولڈ میڈل اپنے مرحوم والد عبدالباسط کے نام کیا جو ورکرز ویلفیئر فنڈ کے ملازم تھے۔عبدالرافع نے 21 تا 27 جولائی 2025 کو فلپائن میں منعقد ہونے والے 36 ویں انٹرنیشنل بائیولوجی اولمپیاڈ میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ اس عالمی مقابلے میں دنیا بھر سے طلبہ شریک ہوئے۔

بقیہ 2 — عمران اعلان

عمران خان نے مشال یوسفزئی کے سینیٹر بننے پر علیمہ خان کے بیان کو غیر ضروری قرار دیا اور کہا کہ علیمہ خان کو سیاسی بات نہیں کرنی چاہیے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا علی امین گنڈا پور اگر صوبے میں امن و امان قائم نہیں کر سکتے تو استعفیٰ دے دینا چاہیے، علی امین گنڈا پور اگر گورننس کے مسائل حل نہیں کر سکتا تو کسی اور کو موقع دینا چاہیے۔ دوسری جانب بانی تحریکِ انصاف کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ 5 اگست اہم ہے، 14 اگست بھی اہم ہے، اگلی تحریک 14 اگست کو ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ الیکشن میں عوام کا مینڈیٹ چوری کیا گیا، میڈیا کا گلا گھونٹ دیا گیا، عدلیہ کو حکومت کے تابع کر دیا گیا۔ علیمہ خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ مشرف دور کی ق لیگ کا کردار ادا کر رہی ہیں، بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ دوریاں نہیں ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ ارکان کو ناجائز طریقے سے نااہل کیا گیا ہے، نااہل ہونے والے ارکانِ اسمبلی کی سیٹوں پر پی ٹی آئی بائیکاٹ کرے گی۔ علیمہ خان نے حال ہی میں خیبر پختونخوا سے سینیٹ کا الیکشن جیتنے والی مشال یوسفزئی کی نامزدگی کو میرٹ کے برخلاف قرار دیدیا۔ انھوں نے کہا کہ انصاف ہونا چاہیے تھا، سینیٹرز کا انتخاب میرٹ پر ہونا چاہیے تھا، میرٹ کی بات ہو تو مشال کے علاوہ اور بہت لوگ کوالیفائی کرتے ہیں۔ عمران خان کے بیٹوں کی پاکستان آمد سے متعلق سوال پر علیمہ خان کا کہنا تھا بانی پی ٹی آئی کے بچوں کے پاس ٹائیکوپ ہے لیکن گم ہو گیا ہے، بانی پی ٹی آئی کے بچوں نے ٹائیکوپ اور ویزے کے لیے درخواست دی ہے، حیرانی ہے سفارت خانے والے کہہ رہے ہیں کوئی درخواست نہیں دی، بچوں نے جو درخواست دی ہے میرے پاس اسکا ٹریکنگ نمبر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دوست نے سفیر کو فون کیا تو اس نے کہا وزارت داخلہ سے اجازت لینی ہے، میں نے ان سے کہا اجازت جسے بھی لینی محسن نقوی سے لے لیں، کل خبر آئی وزارت داخلہ نے نہیں وزارت خارجہ نے ویزا دینا ہے، اب ایمبیسڈر صاحب کسی بات کا جواب نہیں دے رہے، ایمرجنسی میں تو ایک گھنٹے میں ویزا لگتا ہے۔ پی ٹی آئی کی تحریک سے متعلق سوال پر علیمہ خان نے کہا کہ تحریک کیلئے لوگوں نے خود فیصلہ کرنا ہے، ہم اپنے بھائی کی رہائی کی کوشش کر رہے ہیں، ہم دو سال سے جیل آ رہے ہیں عدالتوں میں ہیں، تحریک بچوں سے منسوب نہیں تحریک رہائی تک چلنی ہے، ہم تحریک کا حصہ ضرور بنیں گے ہمیں گرفتار کرنا ہے تو کر لیں۔ علیمہ خان کا کہنا تھا عمران خان سے پوچھا گیا کیا آپ کے بچے آ رہے ہیں، جس پر انہوں نے کہا تحریک چلانے کیلئے انکا والد ہی کافی ہے، بانی نے اپنے بچوں کو پاکستان آنے سے نہیں روکا یہ جھوٹ ہے۔

بقیہ 3 — تجزیہ

وہ صوبے میں گڈ گورننس قائم اور مسائل حل نہیں کر سکتے تو استعفیٰ دے دیں تا کہ کسی اور کو موقع ملے۔ علیمہ خان کو سیاسی معاملات پر بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے، مشال یوسفزئی کو سینیٹر بنوانے پر علیمہ خان کے بیان پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے جبکہ علیمہ خان کا کہنا ہے کہ مشال یوسفزئی کو میرٹ سے ہٹ کر ٹکٹ دیا گیا تو شوکت خانم کیس ٹوئی سماعت کے موقع پر علیمہ خان اور دیگر وکلاء نے عمران خان سے ملاقات کی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ عمران خان نے کھل کر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اعلیٰ امین گنڈا پور پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے اور اس سلسلے میں ٹی وی چینلز نے خوبر جاری کی ہے اس میں عمران خان سے اہم جملے منسوب کئے گئے ہیں جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ عمران خان نے گنڈا پور کو پیغام بھجوایا ہے کہ وہ صوبے میں گڈ گورننس قائم کرنے میں ناکام ہیں مسائل حل نہیں کر پا رہے اس لئے وہ استعفیٰ دیدیں۔ جن دنوں 5 اگست کی احتجاجی تحریک کی ابتدائی تیاریاں کی جا رہی تھیں تو علی امین گنڈا پور نے لاہور اور اسلام آباد میں ایک جذباتی پریس کانفرنس کی جہاں انہوں نے ایک طرف اسٹیبلشمنٹ کے بارے میں سخت لب و لہجہ اپنایا وہیں 5 اگست کے معاملے پر ابہام پیدا کیا اور یہ اعلان کیا کہ 90 دن کے بعد تحریک چلائی جائے گی ۔تحریک انصاف کے بعض رہنما یہ کہتے ہیں کہ عمران خان ان دنوں وزیر اعلیٰ کے پی کے سے ناراض ہیں کیونکہ احتجاجی تحریک چلانے اور انہیں جیل سے نکلوانے میں وہ کامیاب نہیں ہو پا رہے اس لئے انہوں نے گنڈا پور سے متعلق سخت بیان دیا ہے لیکن واقعان حال کا کہنا ہے کہ موجودہ ماحول میں علی امین گنڈا پور کو وزارت اعلیٰ سے ہٹانا عمران خان کے بس میں نہیں ہے، گنڈا پور صرف دو صورتوں میں وزارت اعلیٰ سے محروم ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ وہ عمران خان کے اس بیان کی روشنی میں آسانی سے استعفیٰ دے دیں اور دوسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ 9 مئی سمیت دیگر جو مقدمات ان کے خلاف چل رہے ہیں اس میں انہیں سزا ہو جائے ۔مگر دلچسپ بات یہ ہے کہ حال ہی میں فیصل آبادی انسداد دہشتگردی کی عدالت نے علی امین گنڈا پور سے متعلق فیصلہ نہیں دیا اور اس طرح وہ سزا سے فی الحال بچ گئے ہیں جبکہ مولانا فضل الرحمان اور خیبر پختونخوا میں اپوزیشن رہنماؤں کا یہ موقف ہے کہ گنڈا پور کو طاقتور حلقوں کی حمایت حاصل ہے لہٰذا ان کی وزارت اعلیٰ کو فی الحال کوئی سنجیدہ خطرات لاحق نہیں ہیں ۔ جہاں تک علیمہ خان کے بیانات پر عمران خان کی ناراضگی کا تعلق ہے وہ اکثر ایسے بیانات دے دیتی ہیں جس سے پارٹی قیادت بھی ناراض ہو جاتی ہے اور پارٹی قیادت کو مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جہاں تک مشعال یوسفزئی کا تعلق ہے انہیں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سفارش پر ٹکٹ دیا گیا ہے اور وہ سینیٹر منتخب ہو چکی ہیں اور اب انکے خلاف علیمہ خان کے بیان کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جہاں تک عمران خان کے بیٹوں کی پاکستان آمد سے متعلق خبروں کا تعلق ہے اس حوالے سے ابھی صورتحال واضح نہیں ہے ۔علیمہ خان کہتی ہیں کہ انہوں نے ویزے کے لئے درخواست دی ہے جبکہ عمران خان کے حوالے سے یہ خبر رپورٹ ہوئی ہے کہ انہوں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ان کے بیٹے احتجاجی تحریک کے لئے پاکستان آئیں ۔تحریک انصاف کے اندر اختلافات کا منظر عام پر آنا اب ایک معمول بن چکا ہے۔ عمران خان کی رہائی فوری طور پر نظر نہیں آ رہی ، دوسری جانب وزیر اعظم کے ایک معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ برطانوی حکومت نے سرکاری طور پر حکومت سے یہ درخواست کی تھی کہ عمران خان کو رہا کر کے لندن بھجوا دیا جائے جبکہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی طرف سے عمران خان کو یہ پیشکش کی گئی تھی کہ اگر وہ رہائی چاہتے ہیں تو انہیں سعودی عرب یا متحدہ عرب امارات بھجوایا جا سکتا ہے ۔حذیفہ رحمان کا کہنا ہے کہ کسی مغرب ملک میں عمران خان کو بھجوانے کا رسک نہیں لیا جا سکتا کیونکہ وہ اپنی زبان پر کنٹرول نہیں کرتے اور مغربی ملک جا کر ملک اور ریاستی اداروں کے خلاف اسی طرح کا بیانیہ بنائیں گے جس طرح انہوں نے 9 مئی کا واقعہ کرایا تھا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ حکومت کے پاس ان رابطوں کی ریکارڈنگ بھی موجود ہے، مناسب وقت پر پیش بھی کی جا سکتی ہے ۔ یہ پہلا موقع ہے کہ کسی حکومتی شخصیت نے عمران خان کی مبینہ ڈیل یا رہائی سے متعلق انکشاف کیا ہے، ذرائع کے حوالے سے تو اکثر اس طرح کی خبریں آتی رہتی ہیں ۔ حذیفہ رحمان کی یہ بات سو فیصد درست ہے کہ چند ماہ قبل برطانوی ہائی کمشنر نے حکومتی شخصیات سے ملاقاتیں کر کے عمران خان کی رہائی کی کوششیں کی تھیں مگر ان پر واضح کر دیا گیا تھا کہ عمران خان کو کسی صورت رہا کر کے نہ تو برطانیہ اور نہ ہی کسی اور مغربی ملک بھجوایا جا سکتا ہے جس کے بعد یہ معاملات ختم ہو گئے تھے ۔ حذیفہ رحمان کو چاہئے کہ ان کے اس دعویٰ کے مزید شواہد موجود ہیں تو وہ منظر عام پر لائیں

بقیہ 4 — فضائی جنگ

رہے تھے کہ وہ پاکستانی میزائلوں کی رینج سے دور ہیں۔خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ 7 مئی کی رات کو پاکستان ایئر فورس کے ریڈار پر بھارتی طیارے نمودار ہوئے، ریڈار سگنل ملتے ہی ایئر چیف مارشل ظہیر سدھو نے چے 10 سی اڑانے کا حکم دیا، ظہیر سدھو نے رافیل کو نشانہ بنانے کے خصوصی احکامات جاری کیے، وہ کئی روز سے کنٹرول روم میں سوتے تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کا کہنا ہے کہ فضائی لڑائی میں دونوں جانب سے 110 لڑاکا طیارے حصہ لے رہے تھے، یہ دہائیوں بعد ہونیوالی سب سے بڑی فضائی لڑائی تھی۔ خبر ایجنسی کے مطابق بھارتی رافیل گرنے میں غلطی بھارتی انٹیلی جنس کی تھی رافیل کی نہیں، بھارتی پائلٹ سمجھ رہے تھے وہ پاکستان کے پی ایل 15 میزائلوں کی رینج سے دور ہیں۔ برطانوی ادارے کا کہنا ہے کہ بھارتی پائلٹوں کو توقع نہیں تھی کہ اتنی دور سے بھی وہ نشانہ بن سکتے ہیں، پی ایل 15 میزائلوں نے 200 کلومیٹر دور سے بھارتی طیاروں کو مار گرایا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستانی ایئر فورس نے ملٹی ڈومین آپریشن کے ذریعے، کل چین ترتیب دی، پاکستان نے ایئر، لینڈ اور اسپیس سنسرز کو ایک دوسرے سے منسلک کیا۔ رپورٹ کے مطابق جے 10 سی طیارے ریڈار طیاروں سے براہ راست معلومات لے رہے تھے، پاکستانی طیارے اپنے ریڈار آف کر کے بھارتی سرحد کے قریب پرواز کر رہے تھے، ریڈار آف ہونے کے باعث پاکستانی طیارے بھارتی ریڈار پر نظر نہیں آ رہے تھے۔ برطانوی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت بھی اب پاکستان جیسا فضائی سسٹم بنانا چاہتا ہے، بھارت کے طیارے مختلف ممالک کے ہونے کے باعث مشکلات ہیں، اس جنگ میں فتح اس کی ہوئی جس کے پاس سب سے بہتر معلومات تھیں۔ خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بھارت نے پاکستان پر حملے کیلئے 70 طیارے روانہ کیے، پاکستان کے پاس نشانہ بنانے کیلئے بھارتی طیاروں کی کمی نہیں تھی، پاکستان نے بھارتی ریڈار جام کیے جس سے رافیل کے پائلٹ صورتحال سے لاعلم رہے

بقیہ 5 — ایرانی صدر آمد

دوطرفہ تعلقات میں نئی توانائی بھرنا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے خود اسلام آباد پہنچ کر ایرانی صدر کا استقبال کیا۔ ان کے ساتھ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ ایرانی صدر کو سرخ قالین استقبال کے ساتھ 21 توپوں کی سلامی بھی دی گئی۔ دورے کا آغاز لاہور سے ہوا، جہاں صدر مسعود پزشکیان کو مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے خوش آمدید کہا۔ لاہور میں ایرانی وفد نے شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دی، جبکہ شہر بھر میں سیکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کیے گئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا یہ بطور صدر پہلا دورہ پاکستان ہے۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب پاکستان نے حالیہ دنوں میں ایران کے ساتھ علاقائی پیچیدگی اور باہمی تعاون کے عزم کا اظہار کیا ہے، جسے ماہرین بدلتی عالمی صورت حال کے تناظر میں انتہائی اہم قرار دے رہے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی اسلام آباد میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی سلامتی اور اقتصادی تعاون جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر پزشکیان اپنے قیام کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کریں گے، جن میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر گفتگو ہوگی۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان گزشتہ 2 برسوں میں پاکستان کا دورہ کرنے والے دوسرے ایرانی صدر ہیں۔ ان سے قبل سابق صدر ابراہیم رئیسی نے اپریل 2024 میں اسلام آباد کا دورہ کیا تھا، جو ان کی ناگہانی وفات سے محض ایک ماہ قبل عمل میں آیا تھا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق پاکستان روانگی سے قبل ڈاکٹر پزشکیان نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان سالانہ تجارتی تبادلے کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا منصوبہ ہے، اپریل 2024 میں دونوں ممالک نے آئندہ پانچ سالوں میں باہمی تجارت کو فروغ دینے پر اتفاق کیا تھا۔ صدر نے تہران اور اسلام آباد کے درمیان تجارتی تعلقات کو اچھے قرار دیا اور کہا کہ اس دورے کی ترجیحات میں پاکستان کے ساتھ زمینی، فضائی اور سمندری راستوں کے ذریعے تجارت کو بڑھانا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ذریعے ایران، چین۔ پاکستان راہداری کے ذریعے شاہراہِ ریشم سے جڑ سکتا ہے اور یہ راستہ ایران سے ہوتے ہوئے یورپ تک جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران اور پاکستان دونوں کے لیے سیکیورٹی اور سرحدی مسائل انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، اور مخلے میں امن و استحکام تعاون کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر پزشکیان نے کہا کہ دونوں ممالک نے پاکستان کی آزادی کے بعد سے دوستانہ، خوشگوار اور گہرے تعلقات قائم رکھے ہیں، یہ دونوں ممالک اقتصادی، سائنسی، ثقافتی اور سرحدی شعبوں میں تعاون کرتے ہیں، اور دونوں اقوام کے درمیان گہرا رشتہ موجود ہے۔

بقیہ 6 — جیل سپرنٹنڈنٹ

۔انہوں نے کہا کہ کوئی قیدی وائرل بیماری میں مبتلا پایا جائے تو اس کو دیگر قیدیوں سے الگ کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کے بیٹے قاسم خان نے اڈیالہ جیل میں ہیاٹائٹس سے 10 قیدیوں کی اموات کا دعویٰ کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ خدشہ ہے ان کے والد بھی اس بیماری سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 7 — عمران جوتی

گئی تھی ، آفر لانے پر گنڈا پور پر جوتی اُٹھائی گئی ، بشریٰ بی بی کی آمد عمران خان کی بڑی سیاسی غلطی بنی ،علیمہ خان ،عمران خان کا کیچل ورژن ہیں ۔ان کا کہنا تھا کہ جب تک پی ٹی آئی طاقتور ہے، موجودہ حکومت چلتی رہے گی اور صدر آصف زرداری کو ہٹانے کی سوچ اب بھی موجود ہے۔ سہیل وڑائچ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کو صدر بنانے کی تجویز زیر غور ہے۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ملک ریاض کے ساتھ معاملات وعدہ معاف گواہ بنے بغیر طے ہو گئے جبکہ مریم نواز کا گراس روٹ لیول پر اثر واضح نظر نہیں آیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے پوچھا کیا اصل وزیر اعظم محسن نقوی ہیں؟ ان کا تجزیہ تھا موجودہ نظام چل رہا ہے، مگر آئیڈیل نہیں ہے۔

بقیہ 8 — مزار اقبال حاضری

اقبال پہنچنے پر پنجاب رینجرز کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی ۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وفد کا پر تپاک استقبال کیا گیا۔ مزار اقبال پر چیئرمین رویت ہلال کمیٹی و خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد نے دعا کروائی۔ ایرانی صدر نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کئے اور علامہ اقبال کو خراج عقیدت پیش کیا۔ معزز مہمان نے علامہ اقبال کی فکر اور فلسفے کو عالم اسلام کے لیے مشعلِ راہ قرار دیا۔ لاہور ایئر پورٹ سے مزار اقبال تک اہم شاہراہوں کو غیر مقدمی بینرز سے سجایا گیا تھا جبکہ ایرانی وفد کی سکیورٹی کے لیے سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے تھے ۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، صوبائی وزیر ملک صہیب احمد و دیگر اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 9 — حکومت مسترد

برطانیہ یا کسی یورپی ملک میں بھیج دیا جائے۔ نجی ٹیلی وی چینل کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حذیفہ رحمان نے کہا کہ ہم نے ظرف کا مظاہرہ کیا اور یہ بات آج تک عوام سے چھپائے رکھی، لیکن اب سچ بتانا ضروری ہو گیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی نے ہم سے بات کی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس معاملے پر برطانوی حکومت نے بھی باضابطہ آمادگی ظاہر کی تھی کہ اگر عمران خان کو ان کے حوالے کیا جائے تو وہ تیار ہیں۔ تاہم حکومت پاکستان اور اسٹیبلشمنٹ نے یہ تجویز مسترد کر دی۔ وزیر مملکت کے مطابق ہم نے صاف طور پر کہا کہ ہم آپ کو یورپ یا برطانیہ نہیں بھیج سکتے، اگر جانا ہے تو گلف کے کسی ملک کا انتخاب کریں۔ حذیفہ رحمان کے مطابق یہ متبادل پیش کیا گیا، جسے بانی پی ٹی آئی نے ٹھکرا دیا۔ بعدازاں انہوں نے اسے جلاوطنی کی کوشش قرار دے کر عوام کے سامنے پیش کیا۔ حذیفہ رحمان نے مزید کہا کہ اس پوری گفتگو کے ثبوت اور ریکارڈنگ موجود ہیں، اور اگر ضرورت پڑی تو انہیں منظرِ عام پر لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے خاموشی اختیار کی تھی، لیکن بانی پی ٹی آئی کے مسلسل بیانیے اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوششوں کے بعد اب حقائق بیان کرنا ضروری ہو چکا ہے۔ اس بیان پر پی ٹی آئی کی جانب سے تاحال کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 10 — نغمہ جاری

واجد سعید کی جانب سے تیار کیے گئے ملی نغمے 'دل دل پاکستان' ریلیز ہوتے ہی مقبول ہو گیا اور صارفین نے اسے سوشل میڈیا پر بھی شیئر کیا۔ گانے کی ویڈیو میں پاک فوج کی جانب سے بھارت کے خلاف حال ہی میں شروع کیے گئے بنیان المرصوص آپریشن اور معرکہ حق کی جھلکیاں بھی شامل کی گئی ہیں۔ ویڈیو میں دکھایا گیا کہ کس طرح پاک فوج نے دشمن ملک کے بزدلانہ حملوں کی کارروائیوں کا دلیرانہ جواب دیا اور ساتھ ہی ویڈیو میں عالمی اخبارات اور جرائد کی خبروں کے وہ سکرین شاٹ بھی شامل کیے گئے ہیں، جن میں پاک فوج کی جانب سے بھارت کے رافیل طیارے گرائے جانے کی تصدیق کی گئی تھی۔ ویڈیو میں افواج پاکستان کے جوانوں کو بھی مشکل اور سخت موسمی حالات کے باوجود وطن کی حفاظت کے لیے سرحدوں پر پرجوش انداز میں دکھایا گیا ہے۔ دل سے پاکستان کی ویڈیو میں پاکستان کے تمام صوبوں کے ثقافتی رنگ اور نوجوانوں کی حب الوطنی کو بھی دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو میں پاکستان میں مذہبی ہم آہنگی کے رنگ بھی دکھائے گئے ہیں جب کہ ملک میں زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت دیگر شعبوں میں کی جانے والی اصلاحات اور ترقی کو بھی دکھایا گیا ہے۔ ملی نغمے کے جاری ہونے کے بعد اسے ٹی وی چینلز، سوشل میڈیا اکاؤنٹس سمیت مختلف تقریبات میں بھی نشر کیے جانے کا سلسلہ شروع ہوا۔

بقیہ 11 — اتفاق

اور بلاک چین بلال بن ثاقب اور ڈائریکٹر نیشنل انوسٹمنٹ ایجنسی کرغزستان فرخت امینوو کے درمیان اعلیٰ سطح کی ویڈیو کانفرنس ہوئی۔ اس ویڈیو کانفرنس میں کرپٹو، بلاک چین اور ڈیجیٹل فنانس پر تفصیلی گفتگو کی گئی، کرغزستان نیشنل انوسٹمنٹ ایجنسی نے معلومات، تجربات اور بہترین طریقوں کے تبادلے پر زور دیا۔ اس دوران دونوں ممالک نے درچوں اثاثوں کی ترقی کے لیے اسٹریٹجک نقطہ نظر میں ہم آہنگی، کرپٹو شعبے میں باقاعدہ شراکت کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تجویز دی۔ پاکستان اور کرغزستان نے محفوظ، شفاف اور جدید ڈیجیٹل معیشت کے لیے دوطرفہ تعاون جاری رکھنے کا عزم کیا، وسطی و جنوبی ایشیا میں بلاک چین اور ڈیجیٹل فنانس کا فروغ جاری ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ کرغزستان ڈیجیٹل اثاثوں میں جدت اور ریگولیٹری ڈھانچے میں تعاون کے لیے خاص اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 12 — چینی ریڈار

ڈریلین اسٹیلتھ لڑاکا طیارہ جاپان کے قریب سخت نگرانی والے آبنائے سوئیشما کے علم میں آئے بغیر گزر گیا۔ چین کے سرکاری میڈیا کے مطابق یہ پرواز ایسے علاقے سے ہوئی جہاں امریکی، جاپانی اور جنوبی کوریائی ریڈار سسٹم کا گہرا جال بچھا ہوا ہے، ان میں طاقتور تھاڈ اینٹی میزائل سسٹم بھی شامل ہے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر چین کا دعویٰ درست ہے تو یہ مغربی فضائی دفاع کی ایک بڑی ناکامی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین کے فرسٹ فائٹر بریگیڈ، جس میں J-20 طیارہ شامل ہے، آبنائے سوئیشما کے اوپر سے ہوتا ہوا تائیوان کے گرد چکر لگا کر واپس آیا۔ آبنائے سوئیشما جاپان اور جنوبی کوریا کے درمیان واقع ہے اور 1905 کی روس، جاپان جنگ کی ایک بڑی بحری لڑائی اس مقام پر لڑی گئی۔

بقیہ 13 — بے بنیاد

عالمی ادارہ صحت نے پاکستان پر کوئی نئی سفری پابندیاں عائد نہیں کیں۔ این ای او سی نے وضاحت جاری کی کہ میڈیا رپورٹس غلط فہمی پر مبنی ہیں اور عالمی صحت ریگولیٹرز کے 42 ویں اجلاس کے نتائج کو غلط انداز میں پیش کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق یہ سفارشات نئی سفری پابندیوں سے متعلق نہیں بلکہ صرف عارضی احتیاطی تدابیر کے بارے میں ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پاکستان ان احتیاطی تدابیر پر پہلے سے ہی عمل درآمد کر رہا ہے اور بیرون ملک سفر کے لیے شہریوں کو پولیو ویکسین لگانے کے بعد سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جاتا ہے۔

بقیہ 14 — فرد جرم

لگانے کے الزامات کے تحت فرد جرم عائد کر دی گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سابق وزیر اعظم موئی مارا پر یہ الزامات کی بنیاد سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر کی گئی ایک پوسٹ ہے جو انھوں نے 4 جولائی کو کی تھی۔ موئی مارا نے جولائی میں مالی کی جیلوں میں بند اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات کے بعد اپنی پوسٹ میں ان قیدیوں کو ضمیر کے قیدی قرار دیتے ہوئے ان سے غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا تھا۔ انھوں نے یہ بھی لکھا کہ جب تک رات باقی ہے، سورج ضرور طلوع ہوگا اور ہم ہر ممکن ذریعے سے اس کے لیے لڑیں گے اور جتنی جلد ممکن ہو۔ مالی کے سائبر کرائم یونٹ نے اس پوسٹ کو حکومت کی اتھارٹی کے خلاف اقدام قرار دیا اور جمعرات کے روز مارا کو دوسری بار تفتیش کے لیے حراست میں لیا گیا۔

بقیہ 15 — فیلڈ مارشل

Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر کی پاک فوج میں شمولیت کی تقریب میں بھی شرکت کی، فیلڈ مارشل نے علمی و سماجی شخصیات سے ملاقات میں سول و ملٹری ہم آہنگی اور باہمی خطرات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ملتان گیریژن کے دورے میں فارمیشن کی عملی تیاریوں اور جاری تربیتی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی، فیلڈ مارشل نے جوانوں کے اعلیٰ جذبے، پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی صلاحیت کو سراہا۔ انہوں نے قومی خودمختاری اور سرحدی سالمیت کے تحفظ کے لیے پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ فیلڈ مارشل کا علمی و سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ گفتگو کا سیشن بھی ہوا، سید عاصم منیر نے قومی یکجہتی، سول و ملٹری ہم آہنگی اور باہمی خطرات سے نمٹنے کے لیے تمام طبقات کے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ فیلڈ مارشل نے پاک فوج میں جدید Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر شمولیت کی تقریب میں شرکت کی، جدید ریڈار، الیکٹرانک وارفیئر اور نائٹ اسٹرائیک کی صلاحیت سے لیس ہیلی کاپٹرز نے منظر گڑھ فائرنگ رینج میں فائر پاور کا مظاہرہ کیا۔ فیلڈ مارشل نے مشترکہ ہتھیاروں کی حکمتِ عملی کے کامیاب مظاہرے کو سراہا۔

بقیہ 16 — نیب شکایت

عدالت راولپنڈی میں اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت دائر کی گئی۔ نیب کے مطابق رقم منی لانڈرنگ کے ذریعے بیرون ملک منتقل کی گئی پھر واپس لا کر کراچی میں بحریہ آئیکون ٹاور تعمیر کیا گیا۔ احتساب عدالت کے عملے نے شکایت اسکروٹنی کے لیے رکھ لی ہے جو مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کی جائے گی۔ نیب کی شکایت میں ملک ریاض، ان کی اہلیہ پینا ریاض، بیٹے احمد علی ریاض اور بہو مبشرہ ریاض کو نامزد کیا گیا ہے۔ شکایت میں زین ملک، وقاص رفعت اور سلمان احمد خان کے نام بھی شامل ہیں۔ اداروں میں بحریہ ٹاؤن پرائیویٹ لمیٹڈ اور گلیکسی کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ کو بطور فریق شامل کیا گیا ہے۔

بقیہ 17 — امیگریشن کاؤنٹرز

کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ہفتہ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یہ اقدام پاکستان میں سیاحت کے فروغ، تجارتی سرگرمیوں کے تسلسل اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو مزید سہولت فراہم کرنے کے پیش نظر اٹھایا گیا، ان کاؤنٹرز کے قیام سے ہوائی اڈوں پر امیگریشن پراسیسنگ کا وقت کم ہوگا۔ کاؤنٹرز کے علیحدہ ہونے سے وطن واپس آنے والے پاکستانی بھی اس اقدام کی بدولت کم وقت میں امیگریشن کروا سکیں گے، حکومت کا یہ اقدام پاکستان کو بین الاقوامی سیاحوں، سرمایہ کاروں اور کاروباری وفود کے لئے مزید پرکشش اور دوستانہ بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔

بقیہ 18 — عطا تارڑ

کاری اور سرحدی تعاون کے فروغ کے لئے نہایت اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دورہ سے دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ ہفتہ کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایران کے صدر، وزیر اعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں جس سے دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ اس سے قبل دونوں رہنماؤں کی آذربائیجان میں بھی ملاقات ہوئی تھی جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف کا دورہ ایران بھی کامیاب رہا تھا جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تجارت، سرمایہ کاری اور پاک ایران تعلقات کے فروغ کے لئے یہ دورہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، انہوں نے کہا کہ ایران کے سابق صدر شہید ابراہیم رئیسی کے دورہ پاکستان کے دوران تجارت اور دوطرفہ تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا تھا، ایران کے صدر کے موجودہ دورے میں متعدد معاہدے طے پانے کی توقع ہے۔ اس دورے کے دوران بارڈر مارکیٹس کے قیام، تجارتی حجم میں اضافے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر بات چیت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے صدر کا یہ دورہ نہایت سودمند ثابت ہوگا جس سے نہ صرف تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا بلکہ بارڈر پر مشترکہ مارکیٹس کے قیام اور سیکورٹی امور پر بھی پیشرفت متوقع ہے

بقیہ 19 — شاہد شفیع

نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کے کزن شاہد شفیع انتقال کر گئے۔ خاندانی ذرائع نے شاہد شفیع کے انتقال کی تصدیق کی ہے۔ خاندانی ذرائع نے یہ بھی بتایا ہے کہ مرحوم شاہد شفیع کی نماز جن

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
اتوار، 03 اگست، 2025، 8 صفر المظفر، 1447ھ

اگر تم کو علم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)

ایڈیٹوریل

فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

ٹیرف چھوٹ سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت

امریکہ نے دنیا کے 70 ممالک پر درآمدی ٹیرف کی فہرست جاری کردی، اس فہرست میں پاکستان جنوبی ایشیا کا واحد ملک ہے جس پر نسبتاً کم ٹیرف لگایا گیا، حال ہی میں طے پانے والے تجارتی معاہدے کے تحت پاکستانی برآمدات پر 19 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا، ترجمان وزارت خزانہ کے مطابق ٹیرف معاہدہ امریکی منڈی میں پاکستان کے لئے مواقع کا ایک نیا در کھولے گا، ٹیرف کی شرح پاکستان کی برآمدی صلاحیت کو تقویت دے گی، یقیناً ٹیرف کی کم شرح پاکستان کی معیشت کے حوالے سے اہم پیشرفت ہے جس کا فوری مثبت اثر پاکستان کی سٹاک مارکیٹ پر بھی پڑا جو تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، امریکہ سے ساتھ تجارتی معاہدہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی حکومت کی ایک اور بڑی معاشی کامیابی ہے جس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے، یہ معاہدہ نہ صرف پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت کے فروغ کے حوالے سے کلید ثابت ہوگا بلکہ اس سے دونوں ملکوں کے مجموعی تعلقات میں بھی مزید بہتری آئے گی، تجارتی معاہدہ خاص طور پر مشترکہ توانائی منصوبوں، سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے حوالے سے بھی نقطہ آغاز ثابت ہوسکتا ہے، معاہدے کا سب سے اہم پہلو سرمایہ کاری کے ذریعے پاکستان کے تیل کے ذخائر کو بروئے کار لانا ہے، یقیناً اس اقدام سے پاکستان میں معاشی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے، امر واقعہ یہ ہے کہ رواں سال اپریل میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 25 ممالک پر جوابی ٹیرف عائد کردیا تھا، ان میں سے پاکستان پر 29 فیصد اور بھارت پر 26 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا، اسی طرح چین پر 34 فیصد، جاپان پر 24 فیصد، یورپی یونین پر 20 فیصد، اسرائیل پر 17 فیصد اور برطانیہ، برازیل اور سنگاپور پر 10، 10 فیصد ٹیکس لگانے کا اعلان کیا گیا تھا تاہم بعد ازاں انہوں نے ٹیرف کے معاملے پر پاکستان سمیت بعض دیگر ممالک سے مذاکرات پر آمادگی ظاہر کرتے ہوئے اسے کچھ عرصے کے لئے موخر کردیا تھا، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی طرف سے ٹرمپ انتظامیہ سے مذاکرات کے لئے فوری طور پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی تھی جسے حالیہ دورہ امریکہ میں اہم کامیابی حاصل ہوئی ہے، بلاشبہ اضافی امریکی ٹیرف سے پاکستان کی معیشت پر گہرے اثرات مرتب ہونے کا خدشہ لاحق تھا اور معاشی ماہرین کی طرف سے حکومت پر اس معاملے کے حل کے لئے فوری اور مؤثر اقدامات پر زور دیا جارہا تھا، پاکستان کے لئے اضافی ٹیرف کا چیلنج دو طرح سے تھا، ایک تو اس سے ملک کی برآمدات کی قیمتوں پر اثر پڑتا اور دوسرا ان ٹیرف کے باعث امریکہ میں پاکستانی مصنوعات کی مانگ میں کمی آسکتی تھی کیونکہ امریکہ پاکستان کے اہم تجارتی شراکت داروں میں سے ایک ہے اور جب امریکہ اپنی مارکیٹ پر بھاری ٹیرف عائد کرتا تو اس سے پاکستانی برآمد کنندگان کے لئے قیمتوں میں اضافے اور رسائی میں مشکلات کا سامنا ہوسکتا تھا، پاکستان کا تجارتی حجم امریکہ کے ساتھ سرپلس میں ہے، سادہ مطلب یہ ہے کہ پاکستان امریکہ کو پانچ ارب ڈالر کا سامان بیچتا ہے اور امریکہ سے اڑھائی سے تین ارب کا سامان خریدتا ہے، چنانچہ صدر ٹرمپ فیصلے کے بعد ڈالر کا زرمبادلہ ملک آنا کم یا بند ہونے کا خدشہ لاحق تھا جس سے پاکستان میں بے روزگاری بڑھتی، اس تناظر میں امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ بہت اہمیت کا حامل ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ امریکہ سے ملنے والی اس ٹیرف چھوٹ کا صحیح معنوں میں فائدہ اٹھایا جائے جس کے لیے دانشمندانہ فیصلے ناگزیر ہیں، اگر پاکستان اس سہولت سے درست حکمت عملی کے تحت فائدہ اٹھائے تو برآمدات میں نمایاں اضافہ، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری اور صنعتی ترقی ممکن ہے، سب سے پہلا قدم یہ ہے کہ حکومت اور تجارتی ادارے اس بات کا تعین کریں کہ کن پاکستانی مصنوعات پر امریکہ نے ٹیرف میں نرمی کی ہے، اس بارے میں برآمد کنندگان کو فوری طور پر مطلع کیا جانا چاہیے تاکہ وہ اپنی تیاری بروقت مکمل کرسکیں، امریکہ جیسے مارکیٹ میں قدم جمانے کے لیے صرف کم قیمت کافی نہیں، معیار اور بین الاقوامی سرٹیفکیشن بھی لازمی ہیں، پاکستانی برآمد کنندگان کو چاہیے کہ وہ اپنی مصنوعات کو امریکی معیار کے مطابق ڈھالیں، تاکہ یہ نرمی محض کاغذی فائدہ نہ رہے بلکہ عملی طور پر منافع بخش ثابت ہو، حکومت کو چاہیے کہ وہ ان مصنوعات سے منسلک صنعتوں کے لیے بجلی، گیس اور خام مال کی فراہمی کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائے۔ ٹیکس مراعات، سستے قرضے اور برآمدی سبسڈی جیسی سہولتیں ان صنعتوں کو مزید فعال بنا سکتی ہیں، صنعتی زونز، ایکسپورٹ پراسیسنگ زونز اور فری ٹریڈ ایریاز کو فعال کرکے مختصر وقت میں برآمدی حجم بڑھایا جانا چاہئے، علاوہ ازیں وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان عالمی تجارت میں اپنی حکمت عملی کو متنوع بنائے اور امریکی مارکیٹ پر انحصار کم کیا جائے، اسی طرح عالمی سطح پر تجارت کی نئی راہیں تلاش کی جانی چاہئیں، یورپ کے ساتھ جی ایس پی پلس کا سٹیٹس قائم رہنا ضروری ہے تاکہ پاکستان یورپی مارکیٹ میں زیرو ٹیکس ایکسپورٹ کو انجوائے کرسکے، اس کے علاوہ مشرق وسطیٰ سے تجارت بڑھانے پر زیادہ سے زیادہ توجہ مرکوز کی جانی چاہئے، اسی طرح پاکستانی مصنوعات کو ویلیو ایڈیشن کے ذریعے دنیا میں پہنچانے کے لئے اقدامات کئے جانے چاہئیں، علاوہ ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے بھارت پر 25 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا جس کا منفی اثر اس کی اسٹاک مارکیٹ پر بھی مرتب ہوا ہے، امریکی اقدام سے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے جو پہلے ہی پاکستان کے ساتھ جنگ میں تاریخ شکست کی وجہ سے عوامی غم وغصے اور اپوزیشن کی کڑی تنقید کی وجہ سے شدید دباؤ میں ہیں، صدر ڈونلڈ ٹرمپ جنہیں پچھلی صدارتی مدت کے دوران بھارت کی بی جے پی سرکار و وزیراعظم نریندر مودی کے ذاتی دوست کے طور پر پیش کرتی تھی، اپنی حالیہ مدت صدارت میں وہ واضح طور پر بھارت اور بھارتی بیانیے کے مخالف سمت کھڑے نظر آتے ہیں، امریکہ کی طرف سے پاکستان کے ساتھ تجارتی معاہدے اور بھارت پر 25 فیصد ٹیرف کے نفاذ سے مودی سرکار کے ان دعوؤں کی قلعی بھی کھل گئی ہے کہ بھارت امریکہ کے زیادہ قریب ہے، جہاں امریکی صدر ایک طرف اپنے بیانات اور ٹیرف عائد کرکے بھارت کو دباؤ میں لا رہے ہیں وہیں پاکستان کے ساتھ امریکا کی بڑھتی ہوئی قربت بھی بھارت میں شدید بے چینی کا سبب بن رہی ہے۔

عورت کا مقام

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضورؐ کے پاس آیا اور اس نے دریافت کیا کہ اللہ کے رسولؐ میرے حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: ”تمہاری ماں“ (بخاری و مسلم)

حضرت معاویہ بن جاہمہؓ سے روایت ہے کہ: ”میرے والد جاہمہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ: میرا جہاد میں جانے کا ارادہ ہے اور اس سلسلے میں میں آپؐ کے پاس مشورے کو حاضر ہوا ہوں، آپؐ نے ان سے دریافت فرمایا: کیا تمہاری ماں حیات ہیں؟“ انھوں نے جواب دیا، ہاں تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: ان ہی کی خدمت گزاری میں لگے رہو کیونکہ ان کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔ (نسائی)

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے مروی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمہارے اوپر ماؤں کے حقوق (یعنی ان کی عدم بجاآوری) کو حرام قرار دیا ہے۔ (بخاری و مسلم)

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص دو لڑکیوں کی ان کے بلوغ تک پرورش کرے تو قیامت کے دن، میں اور وہ ان دو انگلیوں کی طرح ہوں گے، راوی کہتے ہیں کہ پھر آپؐ نے اپنی انگلیوں کو ملا دیا“ (مسلم شریف)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جس شخص پر اللہ کی طرف سے بیٹیوں کی ذمہ داری ڈالی گئی (اور اس نے اس ذمہ داری کو نبھایا اور) ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا، تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جنت سے بچاؤ کا ذریعہ بنیں گی۔ (بخاری شریف و مسلم شریف)

حضرت ابوسعد خدریؓ نے حضور اکرمؐ سے روایت کیا ہے: جس شخص کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں اور اس نے ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا اور ان کے بارے میں اللہ سے ڈرتا رہا تو اس کو بدلے میں جنت ملے گی) (ترمذی شریف)

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جس کے پاس لڑکی ہو اور وہ اسے زندہ دفن نہ کرے، نہ اس کی توہین کرے اور نہ ہر تاؤ میں لڑکے کو اس پر ترجیح دے (یعنی دونوں کے ساتھ یکساں سلوک روا رکھے) تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا۔ (مشکوٰۃ شریف)

علم پابہ زنجیر؟

تکبیر مسلسل

خورشید ندیم

علم وتحقیق پر پابندی کسی سماج کے لیے نیک شگون نہیں ہے۔ یہ معاشرے کو فکری افلاس کی نذر کرنا ہے۔ اختلاف سے فساد پیدا نہیں ہوتا۔ فساد کا تعلق موقف سے نہیں، رویے سے ہے۔ رائے کی آزادی کا حق اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ انسان اس پر کیسے پابندی لگا سکتے ہیں؟ یہ دلیل ان کے لیے ہے جو اللہ کو مانتے ہیں۔ جو نہیں مانتے، ان کو کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ یہ اس لیے کہ ان کا وجود ہی اس آزادی کی دلیل ہے۔ اگر انہیں یہ حق حاصل نہ ہوتا تو وہ خدا کا انکار کیسے کرتے؟ اختلاف پر پابندی کا ایک ہی سبب ہوسکتا ہے۔ آپ دوسرے موقف کی طاقت سے خوفزدہ ہیں۔ آپ کو اندیشہ ہے کہ آپ دلیل کے میدان میں شکست کھا جائیں گے۔ اب آپ کے پاس دو راستے ہیں۔ ایک یہ کہ آپ طاقتور ہیں تو اس کی آواز کو ہمیشہ کے لیے بند کردیں۔ اگر اس حد تک نہیں جاسکتے، یا نہیں جانا چاہتے اور اختیار رکھتے ہیں تو دوسرا راستہ اس کے اظہار پر پابندی ہے۔ اس سے صرف عارضی فائدہ مل سکتا ہے۔ اگر دوسرے موقف میں جان ہے تو آج نہیں تو کل اس کی صدائے بازگشت سنائی دے گی۔ تاریخ اس کی مثالوں سے بھری ہوئی ہے۔ 1960ء کی دہائی میں پاکستان میں تاریخ کی چند کتابوں پر پابندی لگی۔ آج سوشل میڈیا پر ان میں بیان کیے گئے موقف کی گونج سب کو سنائی دے رہی ہے۔ تشویش کی بات یہ ہے کہ دعوے پر کوئی پابندی نہیں مگر جواب دعویٰ پر پابندی ہے۔ اس امتیاز سے اضطراب پیدا ہوتا ہے اور اس اضطراب میں فساد پنپنے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے۔ اگر ایک موقف کے حاملین کو سماج میں قابلِ ذکر عصبیت حاصل ہے۔ حکومتوں کو اس باب میں بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک موضوع پر اگر ایک موقف کے اظہار کی آزادی ہے تو لازم ہے کہ دوسرے موقف کو بھی یہ آزادی میسر ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں پر پابندی لگائی جائے، میں جس کے حق میں نہیں ہوں۔ ہمارے ہاں یہ پابندی مذہبی فساد سے بچنے کے لیے عائد کی جاتی ہے۔ کچھ اہلِ شر ہوتے ہیں جن کا قلم اور زبان، دونوں بے لگام ہوجاتے ہیں۔ وہ علم اور جہالت کے فرق سے واقف نہیں ہوتے۔ اپنے تعصبات کا اظہار ایسے اسلوب میں کرتے ہیں جو دوسروں کی دل آزاری کا سبب بنتا ہے۔ ایسے قلم اور ایسی زبان کو روکنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ فیصلہ ساز چونکہ علم اور جہالت کے اس فرق سے واقف نہیں ہوتے، اس لیے ان کی عائد پابندی کی زد میں ہر وہ کتاب آجاتی ہے جو کسی اختلافی مسئلے پر لکھی گئی ہو۔ پھر مذہبی تعصب رکھنے والے گروہ بھی بعض کتابوں پر پابندی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ اگر طاقتور ہوں تو حکومت سے من پسند فیصلے کروا لیتے ہیں۔ یہ امتیازی رویہ ہیجان پیدا کرتا ہے جو تصادم پر منتج ہوتا ہے۔ جن کتابوں یا خطبوں پر پابندی لگائی جاتی ہے، وہ عام طور پر وہی باتیں دہراتے ہیں جو تاریخ کی کتابوں میں پہلے سے موجود ہیں۔ اگر ان روایات کو نقل کرنا جرم ہے تو بدرجہ اولیٰ وہ کتب پابندی کی مستحق ہیں جن میں یہ روایات بیان کی گئیں۔ پہلے راویوں یا مورخین کو ہم امامت کے درجے پر فائز کرتے ہیں اور اگر کوئی ان کی بات کو نقل کردے تو اسے قابلِ تعزیر ٹھیراتے ہیں۔ اگر وہ باتیں درست نہیں ہیں تو اولین ماخذ پر پابندی لگائی جائے۔ ورنہ نقل کی آزادی کو باقی رکھا جائے۔ بحیثیت طالب علم، میرا تاثر ہے کہ اگر ایسا ہوا تو ہمیں مسلم علمی روایت کے ایک بڑے حصے سے محروم ہونا پڑے گا۔ بڑے بڑے نام اس کی زد میں آئیں گے۔ اس لیے خیر اسی میں ہے کہ پابندی سے گریز کرتے ہوئے اصل مسئلے پر توجہ مرتکز کی جائے۔ اصل مسئلہ کوئی خاص موقف نہیں، اس کے اظہار کا اسلوب ہے۔ ہمارے مذہبی طبقات میں ایسے لوگ موجود ہیں جو دوسروں کو گالی دیتے ہیں۔ اختلاف کی بنیاد پر تکفیر کرتے ہیں۔ قتل کے فتوے صادر کرتے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ جو آدمی ملک کے جج کو قتل کی دھمکی دیتا ہے، اس کے خلاف اقدام نہیں ہوتا اور اگر کوئی علمی زبان میں اختلاف کرے تو قانون اس کے خلاف متحرک ہوجاتا ہے۔ حکومت کو اہلِ علم کے مشورے سے کسی ضابطۂ اخلاق کا نفاذ کرنا چاہیے۔ ایسے ضابطے پہلے بھی بن چکے۔ ان کی تجدید کرتے ہوئے معاصر اہلِ علم کی مدد سے ان حدود کا تعین کردیا جائے جو اختلاف کے علمی اور جاہلانہ رویوں میں فرق کو نمایاں کریں۔ یہ معلوم ہوجائے کہ کون سی کتاب یا خطیب پابندی کے مستحق ٹھیرے اور کیوں؟ اگر علمی اختلاف سے کسی کے جذبات مجروح ہوتے ہیں تو اسے کسی ماہرِ نفسیات کے پاس بھیجنا چاہیے نہ کہ کسی علمی کتاب پر پابندی لگا دی جائے۔ مسلم تاریخ صرف اہلِ اسلام نے نہیں، دوسروں نے بھی پڑھ رکھی ہے۔ مغرب میں اسلامی علوم پر تحقیق کی ایک مستحکم روایت موجود ہے۔ گزشتہ چند صدیوں کی تاریخ کو سامنے رکھیے تو مغرب میں ہونے والا علمی کام کم وقیع نہیں ہے۔ ہمارے اہلِ علم ڈیڑھ دو سو سال سے اس پر نقد کر رہے ہیں یا اس کے زیرِ اثر ہیں۔ اگر ہم تحقیق کا دروازہ بند کردیں گے تو یہ تحقیق کہیں اور ہوگی اور ظاہر ہے کہ ایک مختلف زاویہ نظر کے ساتھ۔ اس لیے علم پر پابندی کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔ ہمیں رویوں پر توجہ دینا چاہیے اور ہمارے مسئلے کی بنیاد یہی رویے ہیں۔ میرا خیال تھا کہ مناظرے کی روایت دم توڑ چکی۔ سوشل میڈیا سے مگر معلوم ہوا کہ ایسا نہیں ہے۔ اگر آپ کسی ایک مناظرے کو چند منٹ کے لیے دیکھ لیں تو آپ کو اندازہ ہوجائے گا کہ ہمارا مسئلہ کیا ہے؟ ہم اظہارِ اختلاف کے اسالیب سے واقف نہیں۔ اختلاف کے آداب ہماری معاصر دینی تعلیم کا حصہ نہیں۔ ہماری ضرورت یہ نہیں کہ ہم کتابوں پر پابندی لگائیں۔ ہماری ضرورت لوگوں کو یہ سکھانا ہے کہ اختلاف کیسے کیا جائے؟ اختلاف کے آداب پر چند اچھی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر ڈاکٹر طٰہٰ جابر العلوانی کی کتاب ہے جس کے اردو میں ایک سے زیادہ تراجم ہوچکے ہیں۔ ہمیں لوگوں کو سب سے پہلے سکھانا ہے کہ دینی ادب میں حفظِ مراتب کا مفہوم کیا ہے؟ اللہ کی کتاب اور تفسیر میں کیا فرق ہے؟ قولِ رسول اور روایت کا فرق کیا ہے؟ تاریخ سے کیا مراد ہے؟ کیا اسے تقدس کا درجہ حاصل ہے؟ جب تک اس نوعیت کے سوالات جواب طلب رہیں گے، تنقید کا عمل افراط وتفریط کا شکار رہے گا اور وہ لوگ پیدا ہوتے رہیں گے جن کا رویہ مذہبی اختلاف کو فرقہ واریت میں بدل دیتا اور فساد کو جنم دیتا ہے۔ وہ خطیب جو عوامی جذبات سے کھیلتے ہیں، وہ مصنف جو غیر محتاط زبان استعمال کرتے ہیں، سب اسی رویے اور لاعلمی کے مظاہر ہیں۔ علم کا راستہ روکنا، جہالت کو عام کرنا ہے۔ ہمیں اختلاف کے آداب سیکھنے ہیں، اختلاف کا دروازہ بند نہیں کرنا۔ ہمارے اسلاف جو اس فرق سے واقف تھے، ان کے اختلاف نے علوم اسلامی کی شاندار روایت کو جنم دیا۔ علمی مباحث اور کتابوں پر پابندی سے اس روایت کو نقصان پہنچے گا۔ تاہم جو لوگ بدتہذیبی اور بدتمیزی کا مظاہرہ کریں، ان کو طاقت سے روکنا حکومت کا کام ہے۔ یہ رویے ہیں جو فساد کا باعث بنتے ہیں۔ اس میں بھی امتیاز کو روا نہیں رکھنا چاہیے۔ برسرِ منبر سب وشتم کو اس امت نے ہمیشہ ناپسندیدہ سمجھا ہے، چاہے کسی کے خلاف ہو اور اس کی نسبت کسی بڑی ہستی کی طرف ہی کیوں نہ ہو۔ ہمیں اسلاف کی یہ تعلیم سامنے رکھنی ہے۔ (بشکریہ، روزنامہ دنیا)

فرمانِ قائد

ایمان، اتحاد، تنظیم

قائداعظمؒ نے فرمایا کہ "میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک ہوگا اور ویسے ہی اصول پیش نظر رکھے جائیں گے جن کی مثالیں اکبر اعظم کے دور میں ملتی ہیں"

کلامِ اقبال

یقین محکم، عمل پیہم

مشکلیں امت مرحوم کی آساں کردے
مور بے مایہ کو ہمدوش سلیماں کردے
جنس نایاب محبت کو پھر ارزاں کردے
ہند کے دیر نشینوں کو مسلماں کردے

کوفہ کے قیدی اور تخت سے لپٹے دنیازاد

مہمان کالم

وجاہت مسعود

کسی بھلے مانس کا چلن جاننا ہو یا کسی نگر کا منش معلوم کرنا ہو، کتابوں میں آیا ہے کہ کوچہ و بازار میں خلقت کی بولی پرکان دھرو۔ خوش نصیب ہیں وہ بستیاں جہاں کے باسی لفظ کی پرکھ رکھتے ہیں اور بول کا برتاؤ جانتے ہیں۔ بے شک وہ دیس بے نشاں ہوئے، جہاں لفظ معنی کھو بیٹھے، آوازیں شور میں بدل گئیں اور عقل کی کتاب غبار آلود ہوئی۔ ان دنوں ہماری زمین اسی عذاب سے دوچار ہے۔ ہماری بستی کی تاریخ پرانے وقتوں سے کسی درویش کی صدائے دردناک کے نیزے پر ٹنگی ہے۔ جتنا اور کھشا میں دھرتی پر دعوے کا جھگڑا ایسی پر پیچ گھاٹیوں سے گزر رہے کہ لڑائی کی صفیں بے ترتیب ہوگئی ہیں۔ سپاہ اور منجر میں فرق مٹ گیا ہے۔ بھگتی اور لوٹ مار کی لکیریں صحرا کی آندھیوں میں زیر و زبر ہوچکیں۔ حویلی کے تکیوں تو قرنوں پہلے کھیت رہے۔ وارث انکے رائیگانی کی دھوپ تلے لاحاصل کی فصل کاٹتے ہیں۔ کچھ برس قبل ایک مرکھنے سانڈ کو جس نے سرلشکر بہادر کے راتب پر قدبکالا تھا، خانہ زادوں کا ایک لشکر اسکی دیکھ ریکھ پر مامور تھا، درباری پرچہ نویسوں کے ایک ہجوم نے کندھوں پر اٹھا کر بڑے مندر میں لا بٹھایا۔ طفلان گلی کوچہ کا ایک ہجوم شریک جلوس ہوا۔ یہ ان گھڑ چوبی پتلا خود کو سمراٹ سمجھ بیٹھا۔ وہی سیتا پور کے سید محمد اشرف کی کہانی 'نمبردار کا نیلا' کی تمثیل تھی۔ اب مشکل یہ ہے کہ پرانے لشکروں کے تھکے ماندے بوڑھے سپاہی سامری کے بچھڑے کو ڈنڈوت کرنے سے انکاری ہیں۔ نوجوان طلنگے جدھر منہ اٹھاتے ہیں، گلیوں کا جھاڑ باندھ دیتے ہیں۔ انکی تاریخ 30 اکتوبر 2011ء سے شروع ہوئی۔ 2014ء کے دھرنے سے گزرتی ہوئی 25 جولائی 2018ء کوشاہی محل کے دیوان خاص تک پہنچی۔ اس دوران ملک کی اقتصاد تباہ ہوئی۔ کاروبار مملکت کی بنیادیں بیٹھ گئیں۔ قومی وقار خاک میں مل گیا۔ سیاست پہلے تماشا بنی اور پھر سازش کے گرداب میں الجھ کر 10 اپریل 2022ء کو نچل سرا کی دہلیز پر اوندھے منہ گری۔ گزشتہ نازبرداری کے زخم سہیں اٹھ کر 9 مئی 2023ء کو شہر پناہ پر ٹکر دے ماری۔ اب 'سامری کا بچھڑا ملٹن کی 'بہشت گمشدہ' کے رانده درگاہ باغیوں کی طرح چٹیل میدان میں جہاں تہاں بکھرا ہے اور اس لڑائی کے پرانے شکستہ بدن اور خستہ خواب سپاہیوں پر حرف طعن دراز کرتا ہے۔ کسی کو فسطائی کہتا ہے اور کسی پر درباری کی تہمت دھرتا ہے۔ خود تخت کی دہلیز سے لپٹے اذن رسائی کی بھیک مانگتے ہیں لیکن عشروں سے مورچہ نشین نہتے لشکریوں پر بھی درباری ہونے کا بہتان دھرتے ہیں تو کبھی فسطائیت کی تہمت لگاتے ہیں۔ دربار کے قصے تو دربار سے خارج ہونے والے جانیں۔ فسطائیت کی علامات ہم سے پوچھیں جنہوں نے پون صدی یہ عذاب دیکھا ہے۔ فسطائیت نعروں، ترانوں اور بصری علامتوں کے ذریعے قوم پرستی کو بے بصری میں تبدیل کردیتی ہے۔ فسطائیت انسانی حقوق اور عدل کے اصولوں کو پامال کرتی ہے۔ فسطائیت مجمع بکھرنے کے خوف سے بھی کوئی خیالی دشمن گھڑتی ہے اور کبھی کچھ کمزور گروہوں کے گلے میں غداری اور وطن دشمنی کے طوق لٹکا دیتی ہے۔ فسطائیت عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کی بجائے تیر و تفنگ پر وسائل خرچ کرتی ہے۔ سپاہ کو خوشنما وردیاں پہنا کر چمک دار تمغے عطا کیے جاتے ہیں اور عوام میں خوشحالی کے خواب بانٹے جاتے ہیں۔ فسطائیت مردانہ بالادستی کو فروغ دیتی ہے۔ یہ صنفی امتیاز کے علاوہ طاقت کے اصول کو منوانے کا ایک حربہ بھی ہے۔ فسطائیت میں ذرائع ابلاغ پر کڑی پابندیاں عائد کی جاتی ہیں تاکہ اجتماعی بندوبست میں خرابیوں کی نشان دہی نہ ہوسکے۔ فسطائیت میں عوام کی فلاح پر قومی سلامتی کو بنیادی ترجیح قرار دیا جاتا ہے۔ فسطائیت مذہبی پیشوائیت کے ساتھ ناگزیر طور پر گٹھ جوڑ کرتی ہے تاکہ رائے عامہ کو عقیدت اور پارسائی کی آڑ میں مفلوج رکھا جاسکے۔ فسطائیت سرمایہ دار گروہوں کو ہر ممکن فائدہ پہنچاتی ہے۔ اشرافیہ کا سرمایہ اور ریاست کی قوت مل کر عوام کو نان جویں سے محروم کرتے ہیں۔ فسطائیت میں پیداواری عمل اور محنت کش کو درجہ تحقیر دیا جاتا ہے تاکہ معیشت کی بنیادوں میں اپنا پسینہ خرچ کرنے والے سر اٹھا کر نہ چل سکیں۔ فسطائیت میں دانشوروں کو نظر حقارت دیکھا جاتا ہے اور فنون عالیہ کی تذلیل کی جاتی ہے۔ فسطائیت میں امن کی بجائے جرم پر توجہ دی جاتی ہے اور سخت سزا کو ✕✕ کے خوف سے بالادستی قائم کی جاتی ہے۔ فسطائیت میں خوشامدی اور بدعنوان عناصر کو خاص احترام دیا جاتا ہے۔ فسطائیت میں فیصلہ سازوں کے انتخاب میں دھاندلی اور مداخلت ناگزیر ہوتی ہے۔ اس عمل میں نظام عدل کو بھی شامل کیا جاتا ہے تاکہ وسائل کی تقسیم پر اجارہ برقرار رکھا جاسکے۔ پاکستان کے نوزائیدہ انقلابیوں کو گالی دشنام کے شغل سے مہلت ملے تو اپنے گریبان میں جھانک کر حساب لگائیں کہ انکے جریدہ سیاست پر کون سی علامات ثبت ہیں۔ عجب تماشا ہے کہ کاروبار مملکت کے بلند چبوترے پر درشن دینے والے دو گروہوں میں سے ایک کا خیال ہے کہ ملک کی کشتی ترقی اور خوشحالی کے نیلگوں پانیوں کی طرف بڑھ رہی ہے۔ اور دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ ملک کیسا تھ کھلواڑ ہو رہی ہے۔ ایسے میں خط غربت سے نیچے تپتی زمین پر کھڑے 25 کروڑ کی آنکھوں میں کچھ اور ہی سوال مچل رہے ہیں۔ ملک کے اندر موجود چینی برآمد کیوں کی گئی اور اب پھر سے چینی منگوانے میں کس کی تجوری میں ہریالی بڑھے گی۔ جسے مکان کا کرایہ دینا ہے وہ بجلی کا بل کیسے ادا کریگا۔ جسے بچوں کو تعلیم دلانا ہے وہ سواری کیلئے ایندھن کے اخراجات کہاں سے لائے گا۔ جسے دو وقت کی روٹی کی ضمانت نہیں وہ بیمار ہونے کی صورت میں علاج معالجے کا بندوبست کیسے کرے گا۔ ابھی ملک میں سیلاب کی صورتحال نہیں محض بارشوں کا پانی سینکڑوں جانیں لے چکا لیکن ہر تین مرنے والوں میں سے دو دیواریں گرنے اور چھتیں منہدم ہونے سے موت کا شکار ہوئے ہیں۔ کوئی تو ہے جس نے ہمارا خستہ مکان گرنے پر ہمارے کچے صحن میں راستے بنا لیے ہیں۔ (بشکریہ، روزنامہ جنگ)

سیلاب۔ سدباب۔ پنڈی/ اسلام آباد

جھلک

خالد منصور ایرانی

غالباً 1998 کی بات ہے۔ مون سون کے سیزن میں راولپنڈی کے نالائی نے سیلابی ریلے کی وجہ سے وہ تباہی مچائی کہ اس وقت کے بزرگوں کے مطابق انہوں نے ایسا سیلابی ریلہ اور نقصانات پچھلے 100 سال میں نہ تو سنے تھے اور نہ ہی دیکھے تھے۔ راولپنڈی اندرون شہر بالخصوص راجہ بازار، جامع مسجد روڈ، بھابڑہ، خیابان سرسید، بازار اسٹی صدر روڈ، بنی محلہ، سیٹلائٹ ٹاؤن، اصغر مال اور صدر میں ٹیچ بھائی، جھنڈا چیچی اور نالائی کے اردگرد کمرشل اور رہائشی علاقوں میں 5 فٹ سے 8 فٹ تک پانی داخل ہوگیا تھا یہ ہم نے آنکھوں سے دیکھا کہ راولپنڈی شہر اندرون غذائی قلت کا شکار ہوگیا تھا کیونکہ گھروں کے چولہے اور بازاروں کے ہوٹل اور تندور مکمل طور پر ختم ہوگئے تھے اس مون سون کی بارش میں ہم نے خود اپنی آنکھوں سے بادلوں کے پھٹنے سے گرنے والے پانی کو دیکھا یوں لگ رہا تھا کہ کوئی ہزاروں کی تعداد میں ڈرموں کے ذریعے سے پانی پھینکا جارہا ہے جب بارش تھم گئی تو پھر 2، 2 فٹ بدبو دار کیچڑ تمام علاقوں میں رہ گیا جس سے بیماریوں کا خطرہ اور صفائی کا علیحدہ مسئلہ پیش آیا۔ 2025 میں جب جون کے مہینے میں پانی کے قحط کا خطرہ پیدا ہوا تو بے شمار دعاؤں کے بعد جب بارش کا سلسلہ شروع ہوا تو اس کے بعد نالائی کے خطرناک حد تک پہنچنے کے باوجود لوئی سے براہ راست تو اتنا نقصان نہیں ہوا لیکن نالے کے اردگرد علاقوں سے منسلک نالوں کی وجہ سے نقصان کے علاوہ اندرون شہر سیوریج اور ڈرین کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے اس موسم میں بارشوں کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہونے کے علاوہ بے شمار دیگر نقصانات ہوئے۔ دوسری طرف پانی کی شدید قلت کا آئندہ بھی سامنا کرنا پڑے گا تمام پانی بالعموم سٹور نہ ہونے کی وجہ سے سمندر برد ہوگیا جو بڑی بدقسمتی کی بات ہے۔ سب سے پہلے بات کرتے ہیں راولپنڈی نالائی کی 1998 کے سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد اس وقت کی مشرف حکومت نے ایشیا ڈویلپمنٹ بینک کے اشتراک سے اسے وسعت دینے اور اس سے کئی دوسرے کام لینے کے لئے اس وقت غالباً 35 ارب روپے سے یہ منصوبہ شروع کیا۔ نالائی کو مزید چوڑا کرنے کے علاوہ اس کی دونوں سائڈ پر ایکسپریس روڈ، غیر قانونی آبادی اور تجاوزات کے خاتمہ۔ ایک کھاد کے لئے ٹریٹمنٹ پلانٹ۔ مختلف مقام پر کمرشل پلازہ اور خاردار باڑ لگا کر اس پر تعمیر شاہراہ کو محفوظ بنانے کا کام کیا جاتا تھا۔ بڑے زور سے کام شروع ہوا جس میں تجاوزات کا خاتمہ۔ لئی کو چوڑا کرنا اور دونوں طرف پکی سڑک کی تعمیر مکمل کرنے کے بعد ساتھ ساتھ سیفٹی وال اور آب

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ایرانی وزیرخارجہ سید عباس عراقچی ملاقات کررہے ہیں

5 اگست کو پرامن احتجاج ہوگا اور ہم کوئی انتشار نہیں چاہتے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ 5 اگست کو پرامن احتجاج ہوگا۔ اور ہم کوئی انتشار نہیں چاہتے۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست کو کسی کو اسلام آباد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

پنجاب بار کے اہم عہدوں پر احسن بھون گروپ کامیاب

اشفاق کہوٹ بلامقابلہ وائس چیئرمین، ذبیح اللہ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی منتخب

چوہدری مشتاق چیئرمین ڈسپلنری کمیٹی بن گئے، نتائج کا اعلان کردیا گیا

لاہور (ممتاز نیوز، این این آئی) احسن بھون گروپ نے پنجاب بارکونسل کے اہم عہدوں پر میدان مارلیا، اشفاق کہوٹ وائس چیئرمین پنجاب بارکونسل، ذبیح اللہ ناگرہ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی اور چوہدری مشتاق چیئرمین ڈسپلنری کمیٹی مقرر کردیئے گئے۔ چیئرمین الیکشن کمیشن نے نتائج کا اعلان کردیا، پریذائیڈنگ آفیسرز کے فرائض ایڈووکیٹ وسیم ملتان نے ادا کیے۔ پنجاب بارکونسل کے دو عہدوں چیئرمین ایگزیکٹو اور وائس چیئرمین کے الیکشن کا انعقاد ہوا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 34)

وزیراعلیٰ پختونخوا کی زیرِ صدارت صوبے میں امن وامان سے متعلق پہلا جرگہ

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی زیرصدارت صوبے میں امن و امان کی بحالی کے سلسلے میں پہلا جرگہ ہوا۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے دفتر کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا گیا کہ علی امین گنڈاپور کی میزبانی میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 35)

پنجاب بارکونسل کے نومنتخب عہدیداران کامیابی کے بعد وکلاء کے ہمراہ اظہار یکجہتی کررہے ہیں

اسرائیلی حملوں میں امداد کے متلاشی 27 افراد سمیت مزید 51 فلسطینی شہید

بھوک سے ایک بچہ سمیت مزید 7 افراد جان کی بازی ہار گئے، خوراک نہ ملنے سے اموات کی تعداد 169 ہوگئی

غزہ میں قحط کا سب سے خطرناک اور آخری مرحلہ شروع ہے، ڈائریکٹر الشفا ہسپتال، حماس کا ہتھیار نہ ڈالنے کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں اسرائیلی حملوں میں مزید 51 فلسطینی شہید اور درجنوں زخمی ہوگئے، شہدا میں 27 افراد امداد کی تلاش میں تھے کہ اسرائیلی بربریت کا نشانہ بن گئے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق قحط اور غذائی قلت کی وجہ سے ایک بچہ سمیت مزید سات افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ غزہ میں بھوک سے مرنے والوں کی تعداد 169 ہوگئی ہے، جن میں 93 بچے شامل ہیں۔ غزہ کے الشفا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

9 مئی مقدمہ، عمر ایوب، زرتاج گل کی ضمانت میں توسیع

ATC جج گوجرانوالہ کا تبادلہ ہونے پر سماعت سیشن عدالت میں ہوئی

26 نومبر احتجاج کے کیسز میں غیر حاضر ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) گوجرانوالہ کی عدالت نے 9 مئی سے متعلق کیس میں پی ٹی آئی رہنماؤں عمر ایوب اور زرتاج گل کی ضمانت میں توسیع کردی۔ گوجرانوالہ کے اے ٹی سی جج کا تبادلہ ہونے کے باعث سماعت سیشن عدالت میں ہوئی۔ دورانِ سماعت عمر ایوب، زرتاج گل اور احمد چٹھہ عدالت میں پیش نہیں ہوئے، عدالت نے احمد چٹھہ کی درخواستِ ضمانت خارج کردی، درخواستِ ضمانت عدم پیروی کے باعث خارج کی گئی۔ عمر ایوب اور زرتاج گل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 33)

لکی مروت دھماکا خیز مواد پھٹنے سے 5 بچے جاں بحق، 13 افراد زخمی

بچوں کو باہر سے گولا ملا تھا جس کو گھر لے آئے، کھیلنے کے دوران دھماکہ ہوگیا، 5 زخمیوں کی حالت تشویشناک

مکان پر گولہ گرنے سے بھی ایک شخص جاں بحق، 2 خواتین زخمی، میران شاہ میں جرگہ، عمائدین کا پاک فوج کی حمایت کا اعلان

لکی مروت، شمالی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبرپختونخوا کے ضلع لکی مروت کے گاؤں سربند میں ایک دھماکے سے پانچ بچے جاں بحق اور 13 زخمی ہوئے ہیں۔ اس دھماکے کی نوعیت کے بارے میں مختلف اطلاعات ہیں تاہم پولیس حکام کا کہنا ہے کہ بچوں کو آر پی جی سیون کا ایک گولہ ملا تھا جس سے دھماکہ ہوا۔ لکی مروت پولیس کے ایک افسر نے پی پی سی کو بتایا کہ سربند گاؤں میں بچوں کو ایک آر پی جی سیون کا گولہ ملا تھا جس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 36)

چیئرمین پی اے آر سی کی درخواست ضمانت مسترد

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان ایگریکلچر اینڈ ریسرچ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر غلام محمد علی کی بعد از (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 37)

صوابی، حالیہ بارشوں سے تباہ ہونے والے مکان کا ملبہ بکھرا پڑا ہے

بی ایم پی میں 53 خواتین شامل، مریم نواز کا خراج تحسین

خوشی ہے وردی پوش قابل فخر بیٹیاں محافظ کے فرائض سرانجام دیں گی، وزیراعلیٰ

لاہور (بیورو رپورٹ، این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بارڈر ملٹری پولیس میں شمولیت اختیار کرنے والی باہمت بیٹیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ ڈی جی خان اور راجن پور کی بارڈر ملٹری پولیس میں 53 باہمت خواتین نے شمولیت اختیار کرکے تاریخ رقم کردی ہے، جہاں کبھی خواتین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر جشن آزادی تقریبات کا آغاز

تقریبات 'معرکہ حق' میں پاکستان کی فتح کے قومی جذبے سے منائی جارہی ہیں

مرکزی تقریب 14 اگست کو ہوگی، وزیراعلیٰ مریم نواز پرچم کشائی کریں گی

لاہور (بیورو رپورٹ، این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر یوم آزادی کو شایان شان طریقے سے منانے کیلئے تقریبات کا آغاز کردیا گیا ہے، رواں سال جشنِ آزادی کی تقریبات 'معرکہ حق' میں پاکستان کی فتح کے قومی جذبے سے منائی جارہی ہیں۔ جشن آزادی کی تقریبات کا عنوان ''حصولِ آزادی سے تحفظِ آزادی تک'' رکھا گیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 39)

وزیر دفاع خواجہ آصف سے ایرانی ہم منصب بریگیڈیئر جنرل عزیز ملاقات کررہے ہیں

آزاد فلسطینی ریاست کے قیام تک ہتھیار نہیں ڈالیں گے، حماس کا اعلان

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے امریکی نمائندے اسٹیو وٹکوف کے گلوبل ہیومنٹیرین فاؤنڈیشن کے امدادی مرکز کے دورے کو ڈرامہ قرار دیتے ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

جام کمال سے رومانیہ کے سفیر کی ملاقات، تجارتی، سٹریٹجک تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور رومانیہ نے تجارتی اور اسٹریٹجک تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر تجارت جام کمال خان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

ملک بھر میں سندھ طرز منصوبوں کی ضرورت ہے، آصفہ بھٹو

آصفہ بھٹو نے مالکانہ اسناد متاثرہ خاندانوں کی خواتین میں تقسیم کیں

نوابشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام کے اعتماد کو بڑھانے کے لیے سندھ حکومت کی طرز پر عوامی فلاحی منصوبوں کی ضرورت ہے۔ خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے نواب شاہ کی یونین کونسل عبداللہ لونڈ کے گاؤں خادم حسین شر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو بھی اُن کے ہمراہ تھیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

بلوچستان کے 7 اضلاع میں ضمنی بلدیاتی انتخابات آج ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 7 اضلاع میں ضمنی بلدیاتی انتخابات (آج) اتوار کو ہوں گے۔ الیکشن کمیشن کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

کراچی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی فتح پر تحریک تحفظ آئین خاموش ہے، عرفان صدیقی

اے پی سی اعلامیہ میں ہر مسئلے کا ذکر، بھارت سے فتح کو تسلیم نہیں کیا گیا

بلوچستان کے بارے میں اعلامیے پر بی ایل اے کی چھاپ واضح ہے، لیگی سینیٹر

اسلام آباد (وقائع نگار) تحریک تحفظ آئین پاکستان اے پی سی کے پانچ صفحات اور 32 نکات پر مشتمل طویل اعلامیے میں ہر چھوٹے بڑے، حقیقی اور خیالی مسئلے کا ذکر ہے لیکن پاک بھارت جنگ کے بعد ہونے والے اپوزیشن کے اس پہلے با ضابطہ اجتماع میں بھارت کیخلاف پاکستان کی تنظیم فتح اور معرکہ حق کے بارے میں ایک لفظ تک نہیں کہا گیا۔ پاکستان کی مسلح (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد پولیس کا ملزم پر تشدد مجسٹریٹ کا میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم

ملزم کو جعلی ڈکیتی کا اعتراف نہ کرنے پر ٹانگ پر گولی بھی ماری، پستول تھما کر تصاویر بنائی گئیں، وکیل

مجسٹریٹ نے جسمانی ریمانڈ دیدیا، پولیس گاڑی نے ٹکر مار کر موٹر سائیکل سے گرایا، گرفتار کرکے تھانے لے گئے، ملزم

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں پولیس کی جانب سے زیر حراست ملزم پر تشدد کا معاملہ سامنے آیا ہے جبکہ دوران حراست ملزم کو گولی بھی ماری گئی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے اس مقدمہ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز کو میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ میڈیکل بورڈ ملزم کا تفصیلی طبی معائنہ کرے گا اور رپورٹ عدالت میں جمع کرائے گا۔ پولیس نے ملزم غفرعلی کو عدالت میں پیش کیا تاہم اسے گاڑی میں ہی رکھا گیا اور اس کا بیان بھی وہیں ریکارڈ کیا گیا۔ ملزم کے وکیل فہیم اختر گل نے عدالت سے استدعا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

سپریم کورٹ میں اگلے ہفتے کیلئے 7 ریگولر بینچ تشکیل

چیف جسٹس سوموار سے جمعرات تک کراچی رجسٹری میں سماعت کریں گے

پرنسپل سیٹ اور لاہور رجسٹری میں مختلف بینچ مقدمات سنیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان میں 4 اگست سوموار سے شروع ہونے والے عدالتی ہفتے میں کیسز کی سماعت کے لئے کل 7 ریگولر بینچز تشکیل دے دیئے گئے۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی سوموار سے جمعرات تک سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں کیسز کی سماعت کریں گے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس سید منصور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

قیمتوں میں استحکام حکومت نے 2 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا آرڈر دیدیا

چینی کی درآمد ٹینڈر کھلنے کے بعد حتمی مرحلے میں داخل، پہلی شپمنٹ ستمبر کے اوائل میں پاکستان پہنچے گی

کرشنگ بروقت شروع نہ ہوئی تو چینی کی قلت ہوگی، حکومت کی شوگر ملز کو نومبر کے پہلے ہفتے کرشنگ کی ڈیڈ لائن

اسلام آباد (این این آئی، نیوز ڈیسک) حکومتِ پاکستان کی جانب سے 2 لاکھ ٹن چینی کی درآمد کا آرڈر دے دیا گیا ہے۔ ترجمان وزارتِ نیشنل فوڈ سیکیورٹی کا کہنا ہے کہ چینی کی قیمتوں میں استحکام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق چینی کی درآمد ٹینڈر کھلنے کے بعد حتمی مرحلے میں داخل ہوگئی، چینی حکومت کی طرف سے درآمد کی جارہی ہے۔ ترجمان وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے بتایا ہے کہ درآمد شدہ چینی کی پہلی شپمنٹ ستمبر کے اوائل میں پاکستان پہنچے گی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چینی کی درآمد کا مقصد مارکیٹ میں چینی کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 40)

جکارتہ، اسرائیلی جارحیت اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے مظاہرہ کیا جارہا ہے

عمران کچھ نہیں کرسکے تو بیٹے کیا تیر ماریں گے؟ عظمیٰ

علیمہ خان کبھی کہتی قاسم وسلمان پاکستان آرہے کبھی کہتی نہیں آرہے

اگر غیر ملکی بچوں نے ہی تحریک چلانی ہے تو مقامی قیادت شرم سے ڈوب مرے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علیمہ خانم کو بھی اپنے بھائی کی طرح مسلسل جھوٹ بولنے کی عادت ہوچکی ہے، ان کے بیانات میں تضاد اور غیر سنجیدگی عیاں ہے۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا کہ کبھی علیمہ خان کہتی ہیں قاسم اور سلمان پاکستان آرہے ہیں، کبھی کہتی ہیں نہیں آرہے۔ کبھی دعویٰ کرتی ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 41)

بلوچستان مارچ، مطالبات پر عملدرآمد کے نوٹیفکیشن کا مطالبہ

پیشرفت کیلئے 10 روز میں حکومتی کمیٹی کا اعلان کیا جائے، لیاقت بلوچ

حکومت 6 ماہ میں سنجیدگی سے بلوچستان کے مسائل حل کرے، ہدایت الرحمان

لاہور (بیورو رپورٹ، این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے زور دیا ہے کہ حکومت حق دو بلوچستان کو لانگ مارچ کے منظور کیے جانے والے تین کلیدی نوعیت کے مطالبات پر عملدرآمد کے لیے نوٹیفکیشن جاری کرے اور دیگر پر پیش رفت کے لیے آئندہ دس روز میں حکومتی کمیٹی کی تشکیل کا اعلان کیا جائے، جماعت اسلامی مجوزہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ پریس کانفرنس کررہے ہیں

پنجاب میں صارف عدالتیں ختم، مقدمات سیشن کورٹس بھیجنے کا حکم

صارف عدالتوں کے ججز کو لاہور ہائیکورٹ رپورٹ کرنے کی ہدایت، مقدمات متعلقہ سیشن عدالتوں کو منتقلی کا نوٹیفکیشن جاری

پرویز الٰہی دور میں صارف عدالتیں قائم، موجودہ حکومت نے ان عدالتوں کو قانون میں ترمیم کے ذریعے ختم کردیا

لاہور (بیورو رپورٹ، این این آئی) پنجاب کے 17 اضلاع میں قائم صارف عدالتوں کو ختم کر دیا گیا، کیس سیشن کورٹس منتقل ہوں گے جبکہ صارف عدالتوں کے ججز کو لاہور ہائیکورٹ رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں صارف عدالتوں کے کیس متعلقہ سیشن کورٹس کو منتقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پنجاب کنزیومر پروٹیکشن ایکٹ 2025 میں ترمیم کے بعد لاہور ہائیکورٹ نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 43)

یورپ داخلے کی کوشش میں پاکستانی نوجوان پولینڈ بارڈر پر جاں بحق

ماسکو (این این آئی) بیلاروس کے راستے یورپ جانے کی کوشش کرنے والا ایک اور پاکستانی نوجوان مبینہ طور پر پولینڈ بارڈر پر پولیس کے تشدد سے جان کی بازی ہار گیا۔ افسوسناک واقعے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت 26 سالہ خالد خان ولد مروت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 42)

پاکستان کا تھائی لینڈ کو ''فاسٹنگ بدھا'' کے ریپلیکا کا تحفہ

ریپلیکا گندھارا اور بدھ مت تہذیب میں پاکستان کے کردار کا ثبوت ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (ممتاز نیوز، این این آئی) پاکستانی دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی جانب سے تھائی لینڈ کو فاسٹنگ بدھا کا ریپلیکا تحفے میں دیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی سفیر نے ریپلیکا تھائی لینڈ کے فائن آرٹس ڈپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل کو پیش کیا۔ اس حوالے سے خصوصی تقریب بینکاک کے نیشنل میوزیم میں منعقد ہوئی۔ ترجمان نے بتایا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 44)

توشہ خانہ ٹو، عمران خان اور بشریٰ بی بی عدالت پیش

اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب کا بیان قلمبند، آئندہ مزید دو گواہ طلب

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ 2 کیس میں گواہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب آفتاب احمد کا بیان قلم بند ہوگیا۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ 2 کیس کی سماعت اڈیالا جیل میں قائم خصوصی عدالت میں ہوئی۔ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو عدالت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

کوئٹہ، مستونگ اور سبی میں 11kV کے مختلف فیڈروں کے کنڈکٹرز چوری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ روز کوئٹہ، مستونگ اور سبی کے علاقوں میں چوروں نے 11kV کے کھمبوں سے کنڈکٹرز چوری کر لیئے۔ ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ کے علاقہ دشت میں چوروں نے 11kV حمزہ فیڈر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 46)

حیدرآباد، معرکہ حق کی کامیابی اور یوم آزادی کے حوالے سے سندھ پولیس کی نکالی گئی ریلی

پی ٹی آئی کے 5 اگست کو ہونے والے احتجاج کی منصوبہ بندی مکمل

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے 5 اگست کو ہونے والا احتجاج کی منصوبہ بندی مکمل کرلی۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی زیرصدارت اجلاس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

یوکرین کا روسی تیل کی تنصیبات و ملٹری ایئر فیلڈ کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) یوکرین نے روس میں تیل کی تنصیبات اور ملٹری ایئر فیلڈ کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کر دیا۔ یوکرینی فوج کا کہنا ہے کہ روس کے علاقے ریازان میں آئل ریفائنری کو نشانہ بنایا ہے، جس کے بعد آئل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 48)

غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو ملک بدر کرنے کی نئی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق انڈر ٹرائل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 49)

کسان اتحاد کا گندم کی سرکاری قیمت پر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

صوبوں میں احتجاج کے بعد اسلام آباد کا رخ کریں گے، گندم کی کاشت سے قبل احتجاج کریں گے، چیئرمین کسان اتحاد

11 اگست کو قصور میں ڈی سی آفس کے باہر زراعت کا علامتی جنازہ پڑھایا جائے گا، خالد حسین باٹھ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کسان اتحاد اور سندھ آباد گار نے گندم کی سرکاری قیمت کے عدم تعین پر 11 اگست کو پنجاب اور 20 اگست کو سندھ میں احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ کراچی پریس کلب میں کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے سندھ آباد گار اتحاد کے صدر زبیر تالپور کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے کہا کہ 11 اگست کو قصور میں ڈی سی آفس کے باہر زراعت کا علامتی جنازہ پڑھا لیا جائے گا، 20 اگست کو حیدرآباد پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبوں میں احتجاج کے بعد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 50)

پی ٹی آئی رہنماؤں، کارکنوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے

عدالت نے نومئی کیسز کے ملزمان کی فہرست پولیس کو فراہم کردی

فیصل آباد (صباح نیوز) فیصل آباد میں 9 مئی کیسز میں سزا ملنے کے بعد پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی سمیت 195 ملزموں کی گرفتاری کیلئے پولیس نے ان کے گھروں اور ڈیروں پر چھاپے مارنے شروع کردیے تاہم 24 گھنٹوں میں کسی ایک ملزم کی گرفتاری بھی عمل میں نہ آسکی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کی طرف سے ملزموں کی فہرست پولیس کو فراہم کردی گئی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 52)

سانپ کے کاٹنے سے متاثرہ بچے کے علاج میں کوئی غفلت نہیں برتی گئی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پمز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کے پمز اسپتال میں سانپ کے کاٹنے سے متاثرہ بچے کے علاج کے معاملے پر سوشل میڈیا پر زیرِ گردش ویڈیو پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر عمران سکندر نے اپنے ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ جاری کیے گئے بیان میں انہوں نے کہا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد سمیت کئی علاقوں میں دوبار زلزلے کے جھٹکے

اسلام آباد، راولپنڈی میں دوسری بار 5.1 زلزلے کی شدت ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وفاقی دارالحکومت سمیت پنجاب، خیبرپختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے، جس کے باعث شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے کے جھٹکے لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، پشاور، ہری پور، ایبٹ آباد، چارسدہ، سوات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 51)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر بہاولپور یونیورسٹی میں نئے بلاک کے افتتاح کے بعد دعا کررہے ہیں

ایڈیٹر انچیف و پبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی ٹین تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر A-8 سٹریٹ نمبر B-1 انڈس بلاک، ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر E-12، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
نیوز ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com